آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

MEMBER OF APNS & CPNE

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز جمعرات 09 ستمبر 2021ء بمطابق یکم صفر المظفر 1443ھ | شمارہ نمبر 228

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:00
ظہر	1:45
عصر	5:15
مغرب	6:40
عشاء	08:15

اہل تشیع

فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

بھارت پاکستان کے خلاف مسلسل پروپیگنڈا کر رہا ہے، وزیر اطلاعات

بھارتی میڈیا نے ایک ویڈیو گیم میں لڑائی دکھا کر یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی کہ بیچ شیر حملوں میں پاکستان نے کارروائی کی، بدقسمتی سے بھارت کے ایسے گھناؤنے اقدامات اور پروپیگنڈوں سے عام آدمی متاثر ہوتا ہے

میڈیا کے ذریعے معلوم ہوا کہ سی آئی کے سربراہ کابل میں تھے، میڈیا کی رپورٹس سے ہی پتہ چلا کہ ترکی اور قطر کی انٹیلی جنس کے سربراہان بھی کابل میں موجود تھے

باضابطہ حکومت کی عدم موجودگی میں ایک ایسے فریم ورک کی ضرورت ہوتی ہے جہاں دونوں ممالک ایک دوسرے کو درپیش مسائل پر بات کر سکیں، چوہدری فواد حسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات چوہدری فواد حسین نے کہا ہے کہ طالبان کے ساتھ ہماری بات چیت ہوتی رہی ہے، بھارت پاکستان کے خلاف مسلسل پروپیگنڈا کر رہا ہے، بھارتی میڈیا نے ایک ویڈیو گیم میں لڑائی دکھا کر یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی کہ بیچ شیر حملوں میں پاکستان نے کارروائی کی، بدقسمتی سے بھارت کے ایسے گھناؤنے اقدامات اور پروپیگنڈوں سے عام آدمی متاثر ہوتا ہے۔ وہ پی پی سی ورلڈ سے گفتگو کر رہے تھے۔ افغانستان میں نگران سیٹ اپ کے حوالے سے سوال کے جواب میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ افغانستان میں نگران سیٹ اپ پر روڈ میپ بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: وزیر اعظم عمران خان منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

طالبان جمہوری حکومت کا اعلان کر دیا ہے، امید ہے سیاسی صورتحال جلد از جلد مستحکم ہوگی، وزیر خارجہ

واضح کرنا ہے افغان سرزمین کو کسی بھی ملک کے خلاف استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے، ہمیں ایک متحد، خودمختاری اور جغرافیائی سالمیت کے حامل افغانستان کی مکمل حمایت کا اعادہ کرنا ہوگا

ہمیں افغان کثیر النسلی نوعیت کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے قومی مفاہمت کی اہمیت پر زور دینا ہوگا، اقوام متحدہ اور اس کے مختلف اداروں کے قائدانہ کردار میں انسانی نوعیت کی فوری امداد سے اعتماد سازی کے عمل کو نئی تقویت ملے گی

عالمی برادری کے لئے ہماری مشترکہ آواز پرامن، مستحکم اور خوش حال افغانستان کے پیغام کو تقویت دے گی، شاہ محمود قریشی کا افغانستان کی صورتحال پر کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ طالبان جمہوری حکومت کا اعلان کر دیا ہے، امید ہے سیاسی صورتحال جلد از جلد مستحکم ہوگی، حالات بہتری کی طرف جائیں گے، واضح کرنا ہے افغان سرزمین کو کسی بھی ملک کے خلاف استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے، ہمیں ایک متحد، خودمختاری اور جغرافیائی سالمیت کے حامل افغانستان کی مکمل حمایت کا اعادہ کرنا ہوگا، ہمیں افغان کثیر النسلی نوعیت کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے قومی مفاہمت کی اہمیت پر زور دینا ہوگا، اقوام متحدہ اور اس کے مختلف اداروں کے قائدانہ کردار میں انسانی نوعیت کی فوری امداد سے اعتماد سازی کے عمل کو نئی تقویت ملے گی، مالی وسائل تک افغانستان کی رسائی ملک کو مکمل انحطاط سے بچانے اور معاشی سرگرمیوں کی بحالی میں کلیدی ہوگی، افغانستان کی اس میں شمولیت سے فورم کے بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے یورپی یونین کی سفیر انڈرولا کسیٹارا ملاقات کر رہی ہیں

پاکستان یورپی یونین ممالک کیساتھ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، آرمی چیف

یورپی یونین کی سفیر کی افغانستان کے حوالے سے پاکستان کے کردار کی تعریف

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے یورپی یونین کی سفیر انڈرولا کسیٹارا نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی اور علاقائی سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بدھ کو یہاں آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے پاکستان میں یورپی بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

پی ایم سی کی طرف سے لیے گئے آن لائن ٹیسٹ میں نیٹ کا مسئلہ رہا ہے، میر ضیاء اللہ لانگو

بیس سے زیادہ طلبا کو حراست میں لے لیا گیا، گرفتار طلبا کو رہا کر دیا گیا ہے، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میڈیکل کمیشن کی جانب سے لیے جانے والے آن لائن میڈیکل انٹری ٹیسٹ میں مبینہ بے ضابطگیوں کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے ایدھی چوک پر دھرنا دینے والے طلباء پر پولیس کا تشدد، بیس سے زیادہ طلبا کو حراست میں لے لیا گیا، صوبائی وزیر داخلہ بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

پاکستان میں کورونا وائرس کے وار، مزید 83 افراد چل بسے، 3902 نئے کیسز رپورٹ

ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 31 ویں نمبر پر پہنچ گیا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سماجی فاصلے، ماسک کو نظر انداز کرنے اور ایس او پیز کی خلاف ورزیوں کے باعث پاکستان میں کورونا وائرس کی چوتھی لہر زور پکڑنے لگی، ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 31 ویں نمبر پر پہنچ گیا۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 24 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 31528 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 24 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 31528 ہوگئی، محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے چار اضلاع کوئٹہ سے 20، ژوب سے 2 جبکہ خضدار اور مستونگ سے کورونا وائرس کا ایک، ایک کیس رپورٹ ہوا جبکہ بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی شبلی فراز میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

بی سی ڈی اے بلوچستان کی ساحلی پٹی کی ترقی و معاشی خوشحالی کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے، اسد اللہ کاکڑ

گوادر (پ ر ن) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان کوسٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی اسد اللہ کاکڑ نے کہا کہ بی سی ڈی اے بلوچستان کی ساحلی پٹی کی ترقی و معاشی خوشحالی کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے اس سلسلے میں حکومت بلوچستان مختلف منصوبوں پر عملدرآمد سمیت بہت سے منصوبے زیر تجاویز پیش ہیں جن بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے یورپی یونین کی سفیر انڈرولا کسیٹارا ملاقات کر رہی ہیں

طبی سروسز کے معیار اور دائرہ کار کو عام آدمی کی دسترس تک لایا جائے، ربابہ خان بلیدی

گیارہ سو بیڈز اسپتال میں مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے تمام شعبے فعال ہیں

سروسز کو بہتر سے بہتر بنایا جا رہا ہے بہتری کا یہ تسلسل جاری رکھا جائیگا، پارلیمانی سیکرٹری صحت

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ عالمی ادارہ صحت کی جانب سے بولان میڈیکل اسپتال کے لئے طبی سازو سامان کی فراہمی سروسز کی بہتری میں معاون ثابت ہوگی اور پی ایم سی کے سنٹرل سٹریلائزیشن ڈیپارٹمنٹ میں نئی مشینری کی فراہمی سے طبی آلات اور عمل جراحی میں زیر استعمال اشیا کی حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق صفائی کے عمل کو بہتر بنایا بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں انتظامیہ نے افغانستان سے آنے والے پناہ گزینوں کی گرفتاریاں شروع کر دیں

حکام کے مطابق دو دنوں کے دوران 700 سے زائد افراد کو گرفتار کر کے واپس افغانستان بھیج دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں انتظامیہ نے افغانستان سے آنے والے پناہ گزینوں کی گرفتاریاں شروع کر دیں۔ حکام کے مطابق دو دنوں کے دوران 700 سے زائد افراد کو گرفتار کر کے واپس افغانستان بھیج دیا گیا۔ پاکستان سے بے دخل کیے گئے افراد میں خواتین بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان کا محکمہ اطلاعات ڈیڑھ سال سے مستقل سیکرٹری کی تعیناتی سے محروم

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کا محکمہ اطلاعات ڈیڑھ سال سے مستقل سیکرٹری کی تعیناتی سے محروم ڈائریکٹر جنرل رہنے والے بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

میڈیکل سٹوڈنٹ پر پولیس تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، روزی خان کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ نے کوئٹہ میں میڈیکل سٹوڈنٹ پر بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

طلبا کے ساتھ حکومتی رویہ غیر شائستہ جابرانہ اور ناپسندیدہ ہے، نواب محمد اسلم رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم رئیسانی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

میں آج جو کچھ ہوں اپنے والد سردار عطاء اللہ مینگل کی وجہ سے ہوں، سردار اختر جان مینگل

کوئٹہ (آن لائن) بلوچ بزرگ قوم پرست رہنماء سردار عطاء اللہ مینگل (مرحوم) کے فرزند و بلوچستان نیشنل پارٹی بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

ریلوے کا 15 اکتوبر سے مکمل ویکسی نیشن کے بغیر مسافروں کو ٹکٹ نہ جاری کرنیکا اعلان

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے نے 15 ستمبر سے کورونا ویکسین کی ایک خوراک اور 15 اکتوبر سے مکمل ویکسی بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

کچھ لوگوں کو اسکول ڈریس کوڈ سے تکلیف پہنچ رہی ہے، شہباز گل

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی شہباز گل نے سوشل میڈیا کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک پیغام میں کہا ہے کہ بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر ریلوے اعظم خان سواتی سے جرمنی کے سفیر برنہارڈ شلاگیک سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد اعظم خان سواتی سے جرمنی کے سفیر برنہارڈ شلاگیک نے ملاقات کی جس بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

گجرات: وین برساتی نالے میں جا گری، حادثے میں بچے اور خواتین سمیت 5 افراد جاں بحق

گجرات (این این آئی) گجرات میں وین برساتی نالے میں جا گری، حادثے میں بچے اور خواتین سمیت 5 افراد جاں بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

اعلیٰ تعلیم کے فروغ کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے، عارف علوی

آن لائن تعلیمی نظام کو فروغ دے کر تعلیمی اخراجات میں کمی کی جا سکتی ہے، ورچوئل تعلیمی نظام دور جدید کی ضرورت ہے، تقریب سے خطاب

امید ہے کہ قوانین پر عملدرآمد سے خواتین کو مالی طور پر خودمختار بنانے میں مدد ملے گی، عارف علوی کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ اعلیٰ تعلیم کے فروغ کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ صدر ڈاکٹر عارف علوی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اعلیٰ تعلیم کے فروغ کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے حکومت نے سکالرشپ پروگرام شروع کیا ہے، احساس پروگرام میں تعلیم کے فروغ کیلئے وظائف مختص کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آن لائن تعلیمی نظام کو فروغ دے کر تعلیمی اخراجات میں کمی کی جا سکتی ہے، ورچوئل تعلیمی نظام دور جدید کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور کے مطابق نصاب متعارف کرانا وقت کی ضرورت بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

پاکستانیوں کے خون میں ایک مضبوط بحری قوت کے طور پر پہچانی جاتی ہے، براہ پاک بحریہ

کسی بھی جارحیت کی صورت میں خون کے آخری قطرے تک ثابت قدم رہیں گے

8 ستمبر یادگار دن ہے جو پاک بحریہ کے سرفروشوں کی لازوال قربانیوں اور جذبوں کی یاد دلاتا ہے، ایڈمرل محمد امجد خان نیازی

کراچی (این این آئی) پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے کہا ہے کہ آپریشن سومنات کے دوران پاک بحریہ کے جہازوں نے ہندوستانی بندرگاہ دوارکا پر حملہ کر کے دشمن کا غرور بھی خاک میں ملا دیا تھا، 8 ستمبر یادگار دن ہے جو پاک بحریہ کے سرفروشوں کی لازوال قربانیوں اور جذبوں کی یاد دلاتا ہے۔ یوم بحریہ 2021 کے موقع پر پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے پیغام میں کہا کہ 8 ستمبر یوم بحریہ ہماری قومی تاریخ کا عظیم الشان اور یادگار دن ہے، جو پاک بحریہ کے سرفروشوں کی لازوال قربانیوں اور جذبوں کی یاد دلاتا ہے۔ آپریشن سومنات کے دوران پاک بحریہ کے جہازوں نے ہندوستانی بندرگاہ دوارکا پر حملہ کر کے ہندوستانی ریڈار اسٹیشن تباہ کرنے کے ساتھ ساتھ دشمن کا غرور بھی خاک میں ملا دیا بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

1970ء کی طرح ون پارٹی پلیٹ فارم تشکیل دینے کی ضرورت ہے، میر عبدالکریم نوشیروانی

اسی میں بلوچ قوم کی بقاء و سلامتی ہے اور ملک و صوبے کا استحکام ہے

آپس کے ان اختلافات اور جنگ و جدل نے بلوچ قوم کو بہت نقصان دیا جس کی دوا مزید متحمل نہیں ہو سکتی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر نائب صدر اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے بلوچ قوم پرستوں سے آپس کے اختلافات، تاریکی رنجشیں و جنگ و جدل ختم کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ 1970ء کی طرح ون پارٹی پلیٹ فارم تشکیل دینے کی ضرورت ہے اسی میں بلوچ قوم کی بقاء و سلامتی ہے اور ملک و صوبے کا استحکام ہے آپس کے ان اختلافات بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

اپ اور موٹر سائیکل کے درمیان ٹکر کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار دو افراد زخمی

قلات (این این آئی) قلات میں ژالو کے مقام پر زمباد پک اپ اور موٹر سائیکل کے درمیان ٹکر کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار دو افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز قلات کے علاقے ژالو کے قریب قومی شاہراہ پر زمباد پک اپ اور موٹر سائیکل میں ٹکر کے نتیجے میں بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

4 کروڑ سے زائد بچوں کا اسکول سے باہر ہونا تشویشناک ہے، بلاول بھٹو زرداری

خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں پاکستان کا تعلیم کے میدان میں صرف افغانستان سے آگے ہونا، لمحہ فکریہ ہے

موجودہ سلیکٹڈ حکومت ہو یا ماضی کی غیر جمہوری حکومتیں، خواندگی کا فروغ ان کی ترجیحات میں شامل نہیں رہا، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان میں اسکول جانے کی عمر کے دو کروڑ سے زائد بچوں کا اسکول سے باہر ہونا تشویشناک ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے عالمی یوم خواندگی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے، پاکستان میں اسکول جانے کی عمر کے دو کروڑ سے زائد بچوں کا اسکول سے باہر ہونا تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ سلیکٹڈ حکومت ہو یا ماضی کی غیر جمہوری حکومتیں، خواندگی کا فروغ ان کی ترجیحات میں شامل نہیں رہا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں پاکستان کا تعلیم کے میدان میں صرف افغانستان سے آگے ہونا، لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کا یہ فرض ہے کہ تعلیم کو سب کے لیے، خصاصاً بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

محکمہ بلڈنگ لسبیلہ کے زیر تعمیر منصوبوں کو جلد پایۂ تکمیل تک پہنچایا جائیگا، محمد شہاب گمسی

اوتھل (آن لائن) ایکسین بلڈنگ لسبیلہ محمد شہاب گمسی نے کہا ہے کہ محکمہ بلڈنگ لسبیلہ کے زیر تعمیر منصوبوں کو جلد پایۂ تکمیل تک پہنچایا جائیگا اور دیگر منصوبوں پر جلد تعمیراتی کام کا آغاز کیا جائیگا بیلہ سوک سینٹر کے ٹینڈرز بھی ہو بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

نیپرا کو منظور شدہ بلنگ کی مدت میں اوور بلنگ کے حوالے سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی، نیپرا کی وضاحت

اسلام آباد (این این آئی) اتھارٹی ڈسکوز کے اوور بلنگ کے حوالے سے خبروں پر نیپرا نے وضاحت کی ہے کہ نیپرا کو منظور شدہ بلنگ کی مدت میں اوور بلنگ کے حوالے سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی۔ جاری اعلامیے کے مطابق اگر کسی صارف یا اسٹیک ہولڈرز کو اوور بلنگ کی شکایت ہے تو وہ ریجنل یا مرکزی دفتر میں شکایت درج کروا سکتے بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

لاہور: گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور سے چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی ملاقات کر رہے ہیں

ملک دشمن عناصر بلوچستان کی ترقی سے ناخوش ہیں، ثمینہ ممتاز زہری

دشمن کو باور کرا دینا چاہتے ہیں اس طرح کے بزدلانہ حملے پرعزم قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، مذمتی بیان

سیکورٹی فورسز پر بزدلانہ حملے دشمنوں کے مذموم مقاصد میں ناکامی کا ردعمل ہے، رہنماء بی اے پی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کی رہنما سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کوئٹہ میں ایف سی کی چیک پوسٹ پر بزدلانہ خودکش حملے میں جوانوں کی شہادت پر شدید رنج و غم اور غصے کا اظہار کیا ہے انہوں نے اپنے مذمتی بیان میں کہا کہ ملک دشمن عناصر بلوچستان کی تعمیر و ترقی اور امن و امان کو برداشت نہیں کر رہے اور اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لئے سیکیورٹی فورسز اور نہتے شہریوں پر بزدلانہ حملے کر رہے ہیں جس کی شدید مذمت کرتے ہیں اور دشمن کو یہ باور کرا دینا چاہتے ہیں کہ اس طرح کے بزدلانہ حملے پرعزم قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے بہت جلد یہ تمام دشمن عناصر اپنے انجام کو پہنچیں گے۔ موجودہ حکومت نے سیکیورٹی فورسز کے ساتھ مل کر صوبے میں امن و امان قائم کیا ہے جسے مزید موثر بنایا جا رہا ہے اور وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی سربراہی میں بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے لیکن بدقسمتی سے گزشتہ ادوار میں ان وسائل کو ضائع کیا گیا اور ان سے استفادہ حاصل بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

پاکستان، چین، روس طالبان سے معاہدے پر کام کر رہے ہیں، امریکی صدر

طالبان کو ان کی باتوں سے نہیں، ان کے اقدامات سے پرکھیں گے

پاکستان، ایران، چین اور روس اب بھی یہ سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ طالبان کیا کر رہے ہیں، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر جو بائیڈن نے کہا ہے کہ پاکستان، ایران، چین اور روس متنازع معاملات پر افغان طالبان سے بات اور معاہدے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق واشنگٹن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امریکا کے صدر جو بائیڈن نے یہ بات کہی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان، ایران، چین اور روس اب بھی یہ سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ طالبان کیا کر رہے ہیں۔

پولیس نے قلات کو بڑی تباہی سے بچا لیا، ڈیڑھ کلو IED برآمد کر کے ناکارہ بنا دیا

قلات (آن لائن) پولیس نے قلات کو بڑی تباہی سے بچا لیا، ڈیڑھ کلو IED برآمد کر کے ناکارہ بنا دیا، پولیس ذرائع کے مطابق قلات پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ گلی گوم میں ایک ویران گھر میں ایک مشکوک گیند پڑا ہوا ہے اس اطلاع پر جناب ایس پی قلات عبدالرؤف بزنجو کی ہدایت پر ڈی ایس پی قلات غلام حسین باجوئی و ایس ایچ او قلات بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

BAP کی حکومت میں صوبہ حقیقی طور پر ترقی کر رہا ہے، نور محمد دمڑ

صوبے میں پہلی بار تمام علاقوں میں اجتماعی مفادات کے منصوبے جاری ہیں جس سے بلوچستان میں حقیقی تبدیلی آ رہی ہے

بی اے پی کی حکومت کی کارکردگی سے متاثر ہو کر لوگ پارٹی اور ہمارے کارواں میں شامل ہو رہے ہیں، صوبائی وزیر

زیارت (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر بی ایچ ای/ داسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بی اے پی کی حکومت کی کارکردگی سے متاثر ہو کر لوگ پارٹی اور ہمارے کارواں میں شامل ہو رہے ہیں بی اے پی کی حکومت میں صوبہ حقیقی طور پر ترقی کر رہا ہے بلوچستان عوامی پارٹی میں آئے روز لوگوں کی شمولیت اس بات کی دلیل ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی ہی بلوچستان کی حقیقی سیاسی جماعت ہے بلوچستان عوام کو قوم پرست اور مذہبی جماعتوں نے ستر سالوں سے مختلف جھوٹے نعروں سے ورغلا کر حکمرانی کی لیکن انہوں نے صوبے اور عوام کی ترقی، خوشحالی و فلاح بہبود کیلئے کوئی کام نہیں کیا ہے اور نہ ہی بولان تا مچھ تا ان کو پشتونستان بنا یہ صرف عوام کو بے وقوف بنانے کیلئے قوم پرستی کے جھوٹے نعرے لگا رہے تھے گوادر میں گزشتہ روز خودکش بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

سرکاری ملازمین حکومتی مشینری کا اہم حصہ ہیں، صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت

ملازمین کے جائز مسائل حل کریں گے ٹیم ورک کے تحت محکمہ کی کارکردگی بہتر بنائی گئی، محمد خان لہڑی

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ ملازمین کے جائز مسائل حل کریں گے ٹیم ورک کے تحت محکمہ کی کارکردگی بہتر بنائی گئی یہ بات انہوں نے ایپکا افرادی قوت کمشنر مائنز لیبر ویلفیئر کوئٹہ یونٹ کے رہنما علی نواز شاہوانی کی قیادت میں وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وفد نے انہیں محکمہ کے مسائل سے آگاہ کیا جس پر صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت نے کہا کہ سرکاری ملازمین حکومتی مشینری کا اہم حصہ ہیں ان کے جائز مسائل حل کریں گے۔

ڈپٹی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل سے عطاء اللہ کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان میں ماضی میں بھی حالات بہت خراب ہوئے ہیں، جمال شاہ کاکڑ

ایسی حکومت ہم نے کبھی نہیں دیکھی جو پولیس کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کر رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کی ذہن سازی، مسائل حل کرنے کی بجائے ان پر مجرموں کی طرح لاٹھی چارج، آنسو گیس کا استعمال اور گرفتاریاں کر کے نوجوانوں کو ملکی سوچ کی جانب گامزن کر رہی ہے، کوئٹہ میں طلباء پر تشدد بدترین عمل ہے صوبائی حکومت، آئی جی پولیس، ڈی آئی جی کوئٹہ جواب دیں کہ آخر طلباء نے ایسا کونسا جرم کیا تھا کہ ان کے سر پھاڑے گئے اور گرفتار کیا گیا، حکومت اگر حالات ٹھیک نہیں کر سکتی تو مزید خرابی کی طرف بھی لیکر جانے سے گریز کرے۔ یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے رکن صوبائی اسمبلی نصیب اللہ مری ملاقات کر رہے ہیں

بی ایم سی میڈیکل میں داخلے کیلئے آن لائن ٹیسٹ کے خلاف طلباء و طالبات سراپا احتجاج بن گئے

عبدالستار ایدھی چوک پر احتجاج کرنے والے طلباء و طالبات پر پولیس نے دھاوا بول دیا

کوئٹہ (آن لائن) بی ایم سی میڈیکل میں داخلے کیلئے آن لائن ٹیسٹ کے خلاف طلباء و طالبات سراپا احتجاج بن گئے، عبدالستار ایدھی چوک پر احتجاج کرنے والے طلباء و طالبات پر پولیس نے دھاوا بول دیا لاٹھی چارج اور تشدد سے متعدد طلباء و طالبات زخمی ہو گئے، پولیس نے 20 سے زائد طلباء کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا۔ بدھ کے روز بولان میڈیکل کالج میں آن لائن ٹیسٹ کے خلاف طلباء و طالبات نے احتجاجی ریلی نکالی اور عبدالستار ایدھی چوک پر دھرنا دیا دھرنے کی وجہ بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں ایک ناکام حکومت کو زبردستی عوام پر مسلط کیا گیا ہے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور مرکزی سیکرٹری جنرل جان محمد بلیدی نے کہا کہ کوئٹہ میں طلباء پر ہونے والے پولیس کی غنڈہ گردی دراصل موجود حکومت کی طلباء و عوام دشمن پالیسیوں اور رویوں کا تسلسل ہے۔ پرامن احتجاج بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

طلباء کے مسائل کو فوری طور پر سننے کے ساتھ ساتھ انہیں حل کیا جائے، حاجی علی مدد جتک

احتجاج ہر شخص کا بنیادی حق ہے جس سے اسے کوئی نہیں روک سکتا، سابق صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء، سابق صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں پرامن طلباء کو بدترین تشدد کا نشانہ بنانا قابل مذمت عمل ہے طلباء اپنے حقوق کے لئے احتجاج کر رہے تھے انکے مسائل حل کرنے کی بجائے تشدد اور گرفتاریاں ناپسندیدہ عمل ہیں طلباء کے مسائل کو فوری طور پر سننے کے ساتھ ساتھ انہیں حل کیا جائے، یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ نوجوان ملک کا مستقبل ہیں جنکے ساتھ شفقت اور نرمی کا برتاؤ کرنے اور انکے بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ناخواندگی کے خاتمے اور تعلیم یافتہ عوام سے ہی بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا، اسد بلوچ

معاشرے سے ناخواندگی کے خاتمے کیلئے والدین سمیت اساتذہ اور معاشرے کے ہر فرد کا کردار اہمیت کا حامل ہے

ہمارے صوبے میں ناخواندگی کی بڑھتی ہوئی شرح پر قابو پانے کی ضرورت ہے، صوبائی وزیر برائے سماجی بہبود

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر برائے سماجی بہبود میر اسد اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ ناخواندگی کے خاتمے اور تعلیم یافتہ عوام سے ہی بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا، معاشرے سے ناخواندگی کے خاتمے کیلئے والدین سمیت اساتذہ اور معاشرے کے ہر فرد کا کردار اہمیت کا حامل ہے ان خیالات کا ا

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

09 ستمبر 2021ء

8 ستمبر یوم پاکستان بحریہ

ملک بھر میں 8 ستمبر کو یوم بحریہ انتہائی ملی جوش وجذبے سے منایا گیا۔ پاک بحریہ نے یوم بحریہ کے موقع پر خصوصی ویڈیوز بھی جاری کردی۔ ویڈیوز میں آٹھ ستمبر 1965 کی داستان شجاعت کو بیان کیا گیا ہے۔ 1965 کی جنگ میں بری اور فضائی افواج نے دفاع وطن کا فریضہ بھرپور طریقے سے انجام دیا لیکن 8 ستمبر کا دن پاک بحریہ کے نام رہا۔ طیارہ بردار جہاز نہ ہونے کے باوجود پاک بحریہ نے اس جنگ میں بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کی نئی تاریخ رقم کی۔ پاکستان کی واحد آبدوز غازی نے اپنے نام کی لاج رکھتے ہوئے غازی رہ کر وہ کارنامہ انجام دیا کہ دنیا آج تک حیران ہے۔ غازی آبدوز نے تن تنہا بھارتی جیز کے عالمی سمندر میں پیش قدمی سے روکے رکھا۔ آپریشن دوارکا میں پاکستان نیوی نے دشمن کے دلوں پر لرزہ طاری کیا اور کموڈور ایس ایم انور کی زیر قیادت دشمن کے چھکے چھڑا دیے۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی پاک بحریہ نے خصوصی ویڈیوز جاری کی ہیں۔ ویڈیو کو منزل مراد کا عنوان دیا ہے۔ ویڈیوز میں داستان شجاعت بیان کی گئی ہیں۔ اس علاوہ ویڈیوز میں سومنات کی کہانی کا بھی حوالہ دیا گیا ہے۔ سات اور آٹھ ستمبر کی درمیانی شب کیے گئے حملے آج تک بھارتیوں کے ذہنوں پر سوار ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دشمن آج تک 1965 کی جنگ کے بعد بحری محاذ پر کسی کارروائی کی جرت نہیں کرسکا ہے۔

قوم پرست رہنما

الیاس محمد حسین

کئی دہائیوں کے دوران بلوچستان کی سیاست میں اہم کردار ادا کرنے والے پاکستان مظلوم اقوام تحریک (پ،م) کے سربراہ، بلوچستان کے پہلے وزیراعلیٰ سردار عطاء اللہ مینگل 93 برس کی عمر میں اپنے خالق حقیقی سے جاملے آپ کو ذوالفقار علی بھٹو اور جنرل پرویز مشرف اپنے لیے ایک مشکل اپوزیشن رہنما سمجھتے رہے۔ سردار عطاء اللہ مینگل 24 مارچ 1929 کو تحصیل وڈھ میں پیدا ہوئے اور کراچی، سندھ منتقل ہونے سے پہلے اپنے بچپن کا بیشتر حصہ لسبیلہ میں گزارا۔ انہیں محض 25 سال کی عمر میں 1954 کے آواخر میں مینگل قبیلے کا سردار مقرر کیا گیا۔ سردار عطاء اللہ مینگل نے 1970ء میں بلوچستان اسمبلی کے پہلے الیکشن میں نیشنل عوامی پارٹی کے پلیٹ فارم سے حصہ لیا تھا اور کامیاب ہوئے۔ سردار عطاءاللہ مینگل نے کم سنی کو بلوچستان کے پہلے وزیراعلیٰ کے عہدے کا حلف اٹھایا تھا، جبکہ ان کی حکومت جبری طور پر 1973ء میں ختم کردی گئی تھی۔

کہا جاتا ہے کہ مینگل کو سیاست میں قومی عوامی پارٹی (این اے پی) کے بانی رکن میر غوث بخش بزنجو نے متعارف کرایا تھا، جنہوں نے 731972 میں مختصر طور پر بلوچستان کے گورنر کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دیں۔ 1962ء میں، مینگل مغربی پاکستان کی صوبائی اسمبلی کے لیے منتخب ہوئے۔ بزنجو نے اپنی انتخابی مہم چلائی۔ مینگل مئی 1972 میں بلوچستان کے پہلے وزیر اعلیٰ بنے اور فروری 1973 میں اس وقت کے وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی طرف سے ان کی حکومت کو برطرف کیے جانے تک اس عہدے پر رہے۔ قوم پرست رہنما سردار عطاء اللہ مینگل نے جنرل ضیاء الحق کے دور میں لندن میں خود ساختہ جلاوطنی اختیار کی۔

وہ 1990 کی دہائی میں پاکستان واپس آئے اور بی این پی تشکیل دی۔ مرحوم رہنما نے پیچھے اور موجودہ بی این پی کے سربراہ اختر مینگل نے اپنے والد کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے نے کہا کہ انہوں نے نہ صرف اپنے والدین کو کھویا بلکہ ان کے ہر زمانی، وقتی اور استاد کو بھی کھو دیا۔ اور جاگیردار شخصیت تھے، جن کا تعلق بلوچستان سے تھا۔ وہ مینگل قبیلے کے سربراہ تھا یہاں تک کہ اس نے اپنے ایک پوتے سردار اسداللہ مینگل کو اپنا قبائلی جانشین نامزد کیا۔ مینگل کو سیاست میں میر غوث بخش بزنجو نے متعارف کرایا۔ بزنجو مینگل اور اختر مینگل کے انتخابی امور چلاتے تھے بعد میں کرنے کے لیے منتخب کیا گیا تھا مغربی پاکستان میں 1962، صوبائی اسمبلی نے مئی 1972 میں مینگل بلوچستان کے پہلے وزیراعلیٰ بن گئے اور انہوں نے یہاں تک کہ اس وقت کے وزیر کی طرف سے مسترد کردیا گیا تھا کہ وہ اس پوزیشن میں رہے فروری 1973 میں وزیر ذوالفقار علی بھٹو۔ جنرل ضیاء الحق کے دور میں مینگل نے لندن میں خود ساختہ جلاوطنی اختیار کی 31 مارچ 1985 کو عطاء اللہ مینگل نے لندن میں سندھی بلوچ پشتون فرنٹ کے قیام میں شرکت کی۔ 1990 کی دہائی میں وہ پاکستان واپس آئے اور بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) کی بنیاد رکھی۔

اپریل 2006 میں، اختر مینگل اپنے کراچی کے گھر پر پاکستانی پولیس کے ساتھ تصادم میں ملوث تھا جب اس کے محافظوں نے تین سرکاری ملازمین کو اغوا کیا جس پر اس نے اپنے بچوں کو اغوا کرنے کی کوشش کا الزام لگایا تھا۔ مغوی افراد کو بعد میں رہا کر دیا گیا اور ایک ہفتے کے بعد قتل ختم ہو گیا مرحوم کے 4 صاحبزادے سردار اسداللہ مینگل، سردار منیر مینگل، سردار جاوید مینگل، سردار اختر مینگل جن میں سے سردار اختر مینگل سیاست میں زیادہ ایکٹیو اور بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) کے سربراہ ہیں جن کا کہنا ہے میرے باپ ایک عظیم شخصیت تھے انہوں نے مجھے اچھے اور برے میں فرق سکھایا۔ یقین کے ساتھ ناانصافی کے خلاف لڑنا۔ وہ ہماری قوم اور زمین کے لیے امید کی کرن تھے۔" بہت سے پاکستانی سیاست دانوں صدر پاکستان، معارف علوی، اور وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان، سندھ کے وزیر اعلیٰ مراد علی شاہ اور بلوچستان اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر عبدالقدوس بزنجو نے بھی مینگل کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا۔ مینگل کے بیٹے اختر مینگل بلوچستان نیشنل پارٹی کے موجودہ سربراہ ہیں۔

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی، آصف زرداری، چوہدری شجاعت، چوہدری پرویز الٰہی، بلاول بھٹو زرداری، فرح حبیب، صادق سنجرانی، نفیسہ شاہ، نسیمہ بخاری، شازیہ مری و دیگر نے اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ انکی خدمات یاد رکھی جائیں گی۔ عطاء اللہ چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ مرحوم عطاء اللہ مینگل سے ہمارے خاندان کا دیرینہ تعلق تھا۔ ان کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا کبھی پورا نہیں ہوسکتا۔ مسلم لیگی جاعدین نے کہا کہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم عطاءاللہ مینگل کے درجات بلند فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ قوم پرست رہنما سردار عطاء اللہ مینگل کی کمی ہمیشہ محسوس کی جاتی رہے گی ان جیسے رہنما سب خالی خال رہ گئے ہیں سیاست میں آپ کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

پنجاب میں لوکل گورنمنٹ میں انجینئرنگ برانچ کو بالکل علیحدہ کیا گیا ہے

جس کے باعث انہیں کام کرنے میں بالکل آسانی رہتی ہے

انجینئر میر یوسف عزیز زہری چیف انجینئر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ

انٹرویو: نور احمد راہی

خوشگوار عوام دوست خدا ترس اور اپنے کاز سے محبت رکھنے والے مزاج کے مالک ہیں۔ اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ چیف انجینئر میر یوسف عزیز زہری کے دور میں صوبائی وارالحکومت کوئٹہ کی حالت میں کافی حد تک بہتری آئی ہے۔

چیف انجینئر میر یوسف عزیز اپنے شعبے کے ساتھ ساتھ دیگر شعبوں کی بھی نگرانی کرتے ہیں تاکہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی بہتری میں خاطر خواہ پیش رفت ہو سکے ہم نے چیف انجینئر میر یوسف عزیز زہری سے خصوصی گفتگو کا اہتمام کیا ان سے ہونے والی گفتگو پیش خدمت ہے۔

سوال ۔زہری صاحب کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن شہر کی بہتری کے لیے کیا اقدامات اٹھا رہی ہے۔

جواب۔ اس وقت کوئٹہ اور اس کے اطراف کے علاقوں کی آبادی پینتالیس لاکھ سے تجاوز کر چکی ہے جبکہ اس شہر کی منصوبہ بندی بہت کم آبادی کے لیے تھی لہذا مسائل و مشکلات پیدا ہونا فطری بات ہے تاہم کوئٹہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن اپنی محدود وسائل میں رہتے ہوئے عوام کو درپیش ہر قسم کے مسائل کو حل کرنے کے لیے کوشاں ہے چونکہ میرا تعلق تعمیرات کے حوالے سے ہے تو میں یہ گاہے دیتا ہوں کہ میری سربراہی میں اب تک تعمیرات کے جتنے بھی کام ہوئے ہیں وہ کوالٹی پیش خدمت ہے۔

سوال ۔زہری صاحب کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن شہر کی بہتری کے لیے کیا اقدامات اٹھا رہی ہے۔

جواب۔ میں سرکاری دفاتر میں کوئی کام ہو اسے کوئٹہ شہر کی بہتری کے لیے کوئٹہ میٹروپولیٹن شہر کاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور سینکڑوں پودے لگائے گئے جو یقیناً اترنے والی فارمیں کوئی کام ہوا کیا جاتے ہیں میرے دور میں کوئٹہ کے مضافاتی علاقوں میں بہت ساری نئی سڑکیں بھی بنی ہیں دوسری جانب کوئٹہ شہر اور مضافاتی علاقوں میں صفائی کے نظام میں بھی کافی بہتری آئی ہے روزانہ کی بنیاد پر سینکڑوں کی تعداد میں صفائی کا عملہ شہر کے مختلف علاقوں اور مین شاہراہوں پر آپ کو صفائی کرتے ہوئے نظر آئے گے شہر کے متعدد اہم مقامات سے کچروں کے ڈھیر اٹھوائے گئے ہیں صفائی کے لیے کوئٹہ پورے میونسپل کی اور اور کوالٹی کے عین مطابق ہیں جس میں مین سڑکوں اور گلی محلوں میں روڈ کی تعمیر بلیک ٹاپ لگا کے آپ نے ہونے والی تعمیرات کے جتنے بھی کام ہوئے ہیں وہ کوالٹی

سرکاری محکموں میں افسران کو اس وقت مشکلات کا سامنا ہوتا ہے جب ان سے اعلیٰ افسران متعلقہ شعبے سے نہ ہو یا وہ ٹیکنیکل نہ ہو

تیسری جانب پورے کوئٹہ شہر اور اطراف کے علاقوں میں اسٹریٹ لائٹس کے نظام کو بنایا گیا ہے روشنی کی وجہ سے چوری ڈکیتی راہزنی کی وارداتوں میں خاطر خواہ کمی آئی ہے میں یہاں ذکر کرتا چلوں کہ ماحولیاتی تبدیلیوں کے تحت شہر میں پارکوں کی بنیاد پر تقریباً 10 ہزار درخت لگائے گئے ہیں جو اب تناور درخت بن کر شہر کی خوبصورتی میں بھی اضافے کا باعث بنے گے

سوال۔ زہری صاحب بحیثیت افسر آپ کو مشکلات تو درپیش ہوں گے۔

جواب۔ الحمدللہ اب کوئی بات نہیں کیونکہ میں نے کبھی اصولوں سے ہٹ کر کام نہیں کیا نہ ہی محکمہ قوانین کی خلاف ورزی کی البتہ متعدد مواقعوں پر مختلف طریقوں سے مجھے دباؤ میں لانے کی کوشش ضرور ہوئی ہے لیکن چونکہ میں نے ہمیشہ ہر مسئلہ پر میرٹ کو ترجیح دی ہے۔

اسی لیے مجھے کوئی دقت یا مشکل پیش نہیں آئی اتنا ضرور کہوں گا کہ سرکاری محکموں میں افسران کو اس وقت مشکلات کا سامنا ہوتا ہے جب ان سے اعلیٰ افسران متعلقہ شعبے سے نہ ہو یا وہ ٹیکنیکل نہ ہو اس وقت ماتحت افسران کیلئے یکسوئی کے ساتھ اور میرٹ کے مطابق کام کرنا مسئلہ ہوتا ہے اسی طرح عوام کے مسائل میں بھی اضافہ ہوتا ہے

میں یہاں حکومت پنجاب کی ایک مثال دیتا چلوں کہ وہاں لوکل گورنمنٹ میں انجینئرنگ برانچ کو بالکل علیحدہ کیا گیا ہے۔ جس کے باعث انہیں کام کرنے میں بالکل آسانی رہتی ہے۔

سوال۔عوام کے لیے کیا پیغام دیں گے۔

جواب ۔عوام کو ترقیاتی کاموں کی تکمیل میں تعاون کریں اپنے گلی محلے کو خود بھی صاف ستھرا رکھیں پلاسٹک کی تھیلیوں کے استعمال سے گریز کریں۔

****

مشینوں کے ذریعے ووٹنگ پر اصرار کا نتیجہ؟

یوں گماں ہوتا ہے کہ آنے والے کئی دنوں تک ملک بند ہو رہی ہے۔ بروقت اس پر توجہ نہ دی گئی تو یہ بیمار سنگین بحرانوں کی جانب بھی انکیل سکتی ہے۔

الیکٹرانک مشینوں کے استعمال کے ذریعے آئندہ عام انتخابات کی شفافیت پر شکوک پیدا کرنے میں کمی نہیں آئی۔ وزیراعظم عمران خان صاحب ذاتی طور پر نئے کریچے میں آئندہ انتخاب ہر صورت مشینوں کے ذریعے ہوں۔ ان کے وفاقی وزراء اپوزیشن اور میڈیا کو اپنے لیڈر کی اس خواہش کی تکمیل کے لئے جذباتی قلابے سے قائل کرنے کی کوشش میں مصروف ہیں۔ یہ کاوشیں ثمر بار آور ہوتی نظر نہیں آرہی۔

اس مضمون پر مزید گفتگو سے قبل ملکی سیاست کا عالیہ علم ہونے ہوئے اس حقیقت کو اجاگر کرنا ضروری تصور کرتا ہوں کہ ہمارے عوام کی اکثریت راشی، بدعنوانی کا عادی ہے۔ مزید فرد زندگی کی مشکلات میں الجھے افراد اقتدار کے کھیل سے خود کو محروم الحقیق محسوس کرتے ہیں۔ یہ احتمالی تاثر ہی بار بار سنگین خطرہ آتا ہے "اقتدار" کا حامل بھی بنا دیتی ہے۔ اقتدار میں بیٹھے ٹاک اس کی وجہ سے ضرورت سے زیادہ پرامید ہو جاتے ہیں۔

وہ یہ سوچنا شروع کر دیتے ہیں کہ ان کو ہر صورت ہمیشہ کی طرح "اقتدار" گھر کی لونڈی بنا کر رکھنا ہے اور یہ کام ہمیشہ ہمیشہ ہو جائے گا۔ "اقتدار" گھر کی لونڈی بنا کر رکھنے کی بھرک اٹھتی ہے اور ان کا مزاج ہمیشہ ہمیشہ آمرانہ ہو جاتا ہے۔ 1976 کے وسط تک یوں محسوس ہوتا تھا کہ پاکستان میں ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کا کوئی متبادل نہیں رہا۔ اپنی مقبولیت اور کامیابیوں پر بھروسہ کرتے ہوئے کامیاب ہونے والے 1977 میں قبل از وقت انتخاب کا اعلان کر دیا۔ یہ اعلان ہوتے ہی کئی گلوں میں بھٹو اپوزیشن جماعتیں راتوں رات پاکستان قومی اتحاد کے ستاروں والے پرچم تلے متحد ہو گئیں۔ انہوں نے جو ماحول بنایا اس نے مارچ میں ہونے انتخابات کی شفافیت کو مشکوک بنا دیا۔ اس کے بعد جو ہوا وہ تاریخ ہے۔ میں اسے دہرانا نہیں چاہتا۔ کالم کا طول کسی حد تک اس کی اجازت نہیں دیتا۔ کالم نگار انہیں کے جاسکتے۔ کلیدی نکتہ ان کا یہ ہے کہ جاری تحریری آئین اور انتخاب سے متعلق قوانین پر اعتبار سے آزاد وخود مختار کہلاتے الیکشن کمیشن کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ جس انداز میں "اچاہے" مگر حد لیو تحریک پھوٹ پڑی اور یا آخر چاہے رائے دہندگان کو اپنا ووٹ دیتے کہلاتے انداز میں استعمال کرنے کا حق یقینی بنائے۔ فرض کیا اور واقعتا ہمارے ہاں مشینوں کے ذریعے صاف شفاف انتخاب کی سہولت دریافت ہو جاتی ہے تو اس سہولت کی افادیت اور ساکھ کے بارے میں الیکشن کمیشن کو عوام اور خاص کر اپوزیشن جماعتوں کو اعتماد میں لینا چاہیے۔ موجودہ حالات میں تاہم یہ تاثر مسلسل ابھار کر ہو رہا ہے کہ آئندہ انتخاب کو مشینوں کے ذریعے کروانے کا مقصد خطرناک ہو سکتا ہے۔ اس کے نتائج نتائج حکومت کے لیے ہی نہیں بلکہ جمہوری نظام کی بقا کے لیے بھی تشویش کا باعث ہو سکتے ہیں۔ خواہ چودھری صاحب جن ذہن وزارت سائنس وٹیکنالوجی نے مدار المہام تھے تو انہوں نے دوٹ کے لئے جو تجاویز مشین دریافت کرنی تھی۔ اس دریافت کو مگر وہ مارکیٹ کر نہ پائے۔ یہ فیز نصاب اس ان جگہ لیے وائے شیلی فراز صاحب نے اپنے ذمے لے لیا ہے۔ وہ ذہنی وی پرگراموں میں اس مشین سمیت تشریف لاتے ہیں۔ اس کی افادیت اور ساکھ کو سانڈے کا تیل بیچنے والے بخیج بازوں کی طرح ابھار کر رہے ہیں۔ وہ ہر روز وہ اس مشین سمیت سینٹ کی پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں تشریف لائے۔ میں ذاتی طور پر موجود نہیں تھا۔ پارلیمان کے بارے میں رپورٹنگ کرنے والے نوجوان ساتھی مجھ بڈھے پر ترس کرتے ہوئے ہتوڑ وزین سے باخبر رکھتے تھے۔ ان سب کا اصرار تھا کہ شیلی فراز صاحب سینٹ کی پارلیمانی کمیٹی کو مشینوں کے ذریعے ووٹنگ والا مقصد سے کی بابت بھرپور انداز میں توجیل نہ کر پائے

پارلیمانی رپورٹروں کی بتائی خبر یہ تھی کہ بھرپور طور طوطوں اطلاع یہ بھی کہ سینٹ کی مذکورہ کمیٹی کے اجلاس میں شیلی فراز صاحب کو سب سے زیادہ ٹف ٹائم پارلیمان میں ٹیلنٹ پارٹی کے جواں سال سینیٹر مصطفیٰ کھوکھر نے دیا۔ فراز صاحب ان کے اٹھائے سوالات کا تسلی بخش جواب گھر فراہم نہ کر پائے۔ مقتضی بھی ہو گئے۔

سینیٹر مصطفیٰ کھوکھر کی جانب سے اٹھائے سوالات گھر نظر انداز نہیں کیے جاسکتے۔ کلیدی نکتہ ان کا یہ ہے کہ جاری تحریری آئین اور انتخاب سے متعلق قوانین پر اعتبار سے آزاد وخود مختار کہلاتے الیکشن کمیشن کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ جس انداز میں مطابق الیکٹرک مشینوں کے ذریعے کروانے پر بعضد ہو جائے تو یہ اختیار مارچ 1977 جیسا نتائج دیدہ اور خوار ہو سکتا ہے۔ اس کے نتائج نتائج حکومت کے لیے ہی نہیں بلکہ جمہوری نظام کی بقا کے لیے بھی تشویش کا باعث ہو سکتے ہیں۔ خواہ چودھری صاحب جن ذہن وزارت سائنس وٹیکنالوجی کے مدار المہام تھے تو انہوں نے دوٹ کے لئے جو تجاویز مشین دریافت کرنی تھی۔ اس دریافت کو مگر وہ مارکیٹ کر نہ پائے۔ یہ فریضہ اب ان کی جگہ لیے وائے شیلی فراز صاحب نے اپنے ذمے لے لیا ہے۔ وہ ذہنی وی پرگراموں میں اس مشین سمیت تشریف لاتے ہیں۔ اس کی افادیت اور ساکھ کو سانڈے کا تیل بیچنے والے بخیج بازوں کی طرح ابھار کر رہے ہیں۔ وہ ہر روز وہ اس مشین سمیت سینٹ کی پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں تشریف لائے۔ میں ذاتی طور پر موجود نہیں تھا۔ پارلیمان کے بارے میں رپورٹنگ کرنے والے نوجوان ساتھی مجھ بڈھے پر ترس کرتے ہوئے ہتوڑ وزین سے باخبر رکھتے تھے۔ ان سب کا اصرار تھا کہ شیلی فراز صاحب سینٹ کی پارلیمانی کمیٹی کو مشینوں کے ذریعے ووٹنگ والا مقصد سے کی بابت بھرپور انداز میں توجیل نہ کر پائے

تھا۔ اب اسے اتفاق کا سامنا کرنا ہے اور وہ اس میں ابھی جیت یقینی تصور نہیں کر رہا۔ اسے خدشہ ہے کہ اس کے سیاسی اور ریاست کے دائی اداروں میں مچلے جانبین یکجا ہو کر اسے کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ اس کی بارہ کو ووٹنگ مشینوں کے ساتھ "آزمانا" کرتے ہوئے یقینی بنایا جائے گا۔ وہ اس کے حامی بلٹ بیپر یا ہاتھ سے مہر لگانے والے نظام کو بحال کرنے کو بضد ہیں اور اس کی وجہ سے برازیل میں سیاسی بحران یقینی ہو سکتا ہے۔ عمران خان صاحب اور ان کے وفادار وزراء مشینوں کے ذریعے ووٹنگ پر اصرار کرتے ہوئے ہمارے ہاں بھی ویسے ہی بحران کی آگ بھڑکا سکتے ہیں۔ شکر ہے ابھی وقت

مجھے بتاتو سہی اور کافری کیا ہے



تربیر
samumalik@hotmail.com

سیفی گیلانی اعلیٰ تعلیم کیلئے اور پیکل کالج لاہور آئے گورمیاں سے علامہ اقبال اور مولانا مودودی کو اپنے دل میں ایسا بسایا کہ آخری سانس تک ان کے گرویدہ رہے۔ علامہ اقبال کی فارسی شاعری کے ترجمے پر مشتمل تین کتابیں اور خود نوشت سوانح عمری صیبت تقریباً 30 کتابیں بھی تصنیف کیں۔ جہاں اپنی خودنوشت کی دوٹوں نسخے اور دیگر کتابیں اپنے قلمی خصوصی پیغام کے ساتھ عنایت فرمائیں وہاں پچھلے تیس سالوں سے زائد اپنے شانوں پر گرمی شال کو بطور نشان قید میرے حوالے بھی کیا تاکہ میں ان کی مبارک مہک سے مستفید ہوتا رہوں۔

کشمیر واہمی پرانہوں نے جماعت اسلامی میں شمولیت اختیار کی۔ شہر عرض سے شفٹ اور حسن خطابت کی وجہ سے بہت جلد جماعت کے اہم رہنماء طور مشہور ہو گئے۔ انہوں نے 1972/ 1977 اور 1987 میں جماعت کے ٹکٹ پر الیکشن جیتا۔ مذکورہ اسمبلی میں دو مسئلہ کشمیر کے حل کی دکانت کرتے رہے۔ تاہم 87 کی ایوان میں جماعت کو چند سیٹیں ہی ملی تھیں لیڈ ان کی سیاست اسمبلی کے اندر حالیہ پر ہی رہی۔ آپ نے 1987 میں مسئلہ کشمیر کے حل کی حامی کی پاکستان قومی اتحادیوں اتحاد مسلم متحدہ محاذ کی حمایت میں الیکشن لڑکر اس وقت کے وزیر اعلیٰ فاروق عبداللہ کو بنا بنائی جیتنے پیش کیا تاہم تمام انتخابات میں جزئیں دھاندلیوں اور کالگریس کی حمایت سے فاروق عبداللہ اقتدار برقرار رکھنے میں کامیاب رہا اور سید علی گیلانی سیاست محاذ کے بھی اہم ذمہ داروں نے الیکشن جیت لیا۔ چند سال بعد جب کشمیر میں پاکستان کی حمایت سے بمہ گیر تحریک جدوجہد برپا ہوئی اور حالات کے ایک رُکن اسمبلی عبدالرزاق بچر و پراسرار حالات میں شہید کردئے گئے تو آپ سمیت چاروں ارکان اسمبلی کی رکنیت سے تعستفی ہو گئے۔ ان کے ساتھ روشن خیال پیپلز کانفرنس کے ساتھ دیوسے سے سامنے بھسم اٹھ گئے۔ ایک معصوم 18 سالہ نازک اندام کمزور جسم کی ماں کے بیٹی جس کی آنکھوں اور چہرے پر خوف، دکھ، دہشت کے خوفناک تاثرات واضح طور پر نظر آرہے تھے اس کی آنکھوں میں التجا اور مدد کے تاثرات گہرے سے گہرے ہوتے جارہے تھے۔ دو بار بار کہیں بائیں دیکھ رہی تھی جیسے کوئی اس کا پیچھا کر رہا ہو مجھے دو معصوم بہنوں کی مانند لگ رہی تھی جو شکاری کتوں کے جنگل سے بھاگ کر آئی ہو خوف اور دہشت نے اس کے نازک جسم کو جکڑا ہوا تھا۔ کسی شدید خوف کی وجہ سے بار بار اس کے جسم پر لرزہ طاری ہو جاتا ہو اور بار بار بھیگ رہی تھی کہ میں شدید خطرے میں ہوں میڈیا میری بات فوری میں لیں شرط دکھا رہ خوف سے اس کا چہرہ بار بار زرد پڑ جاتا تھا اور بولنے کے دوران اس کے ہونٹ کانپ رہے تھے۔ دو کمی جان لیوا خوف اور مشکلیں میں مبتلا تھی۔ دو نوجوان تھی لیکن اس کے چہرے پر نوجوانی کی تازگی نہیں تھی اس کا رنگ زرد پڑ چکا تھا۔ اس کی حالت بتا رہی تھی کہ پریشیں دو مشکلات کے تحت سحوں سے گزر گرتی ہو۔

مشکلات کی پیچیدگیوں کتنی دلدلوں سے دوگزر کرتی ہو۔ نازک سی بچی پر یہ نیچیں کون سی مصیبت یا ظلم ہوا تھا کہ وہ مدد پکار رہی تھی اس کی آواز بیٹھ چکی تھیں اور پورا جسم شدید کدھا دردمیں مبتلا نظر آرہا تھا۔ مجھے جلدی احساس ہو گیا کہ وہ کسی بڑی مشکل میں ہے اس لیے میں شفقت سے پیر کے پیچھے میں اس کی طرف متوجہ ہوا اور پوچھا بیٹی بتا میں آپ کی کیا مدد کر سکتا ہوں ۔ میری شفقت نے کچھ کر اس نے رونا شروع کر دیا۔ روتے روتے اس نے اپنی جو بھی داستان سنائی وہ سن کر میرے دل اور دماغ کے نسوں کی اس کی آواز دیوے جسم میں کئی آتش فشاں پھٹ پڑے ہے اس کی کرب ناک داستان یوں تھی۔ سر جم نہیں بہن بھائی ہیں میرے والد صاحب 5 سال پہلے فوت ہو گئے تو میری ماں نے بیوٹی اور لوگوں کے کپڑے سی کر گذاری پرورش کی لیکن آج سے تین چار ماہ نہاری خبر گیری کی لیکن آج سے تین ماہ رشتہ دار ہمیں بے یار و مددگار چھوڑ گئے۔

اب اس خاندم معاشرے میں کوئی بھی ہمارا والی مددگار نہ تھا۔ اوپر سے لوگوں کی گندی نظریں عزت کو سنبھالنا بھی مشکل ہو گیا بڑی مشکل سے گزارا ہو رہا تھا میری ماں نے دن رات مزدوری کرکے مجھے ایف اے تک تعلیم دلائی اور میرے بہن بھائی مجھ سے چھوٹے ہیں۔ اب تین بچوں کی تعلیم جاری رکھنا بہت مشکل ہو گیا تھا۔ لہذا میں نے فیصلہ کیا کہ اب میں اپنی ماں اور بہن بھائی کا ساتھ دوں گی اور اب کوئی نوکری کروں گی۔ اب میں نے نوکری کی تلاش شروع کر دی میں نے دو پرائیویٹ نوکریاں کیں لیکن چند دنوں بعد ہی مجھے احساس ہو گیا کہ میں غلط جگہ آگئی ہوں میں نے اللہ تعالیٰ کو پکارا اور مدت مجھے نوکری کی درخواست مانگی اور کہا کہ میرے پاس آاور مجھے درخواست دو میں نے جا کر اس کو درخواست دینے کی کوشش کی تو اس نے میرا بازو پکڑ کر میرے پاس بٹھایا۔ اور ساتھ ہی میرے ساتھ چھیڑ چھاڑ شروع کر دی میرا محسن فرشتے سے شیطان بن چکا تھا۔

مجھے شدت سے خطرے کا احساس ہوا کہ میں غلط جگہ آگئی ہوں میں نے اللہ تعالیٰ کو پکارا اور مدت کر کے باہر کی طرف بھاگی کمرے سے نکل کر باہر گئی تو اس نے باہر نکل کر دوڑنا شروع کر دیا وہ شیطان بھی میرے پیچھے بھاگا جب میں گلی میں آئی تو اس نے اپنے سیکورٹی گارڈ کو چلا کر کہا اس لڑکی کو پکڑو کر لا اس دوران میں گلی کو موڑ کر اس کرنگی اسی دوران اس کو سیکورٹی گارڈ موٹر سائیکل پر میرے پیچھے آتا نظر آیا تو اس نے جلد ہی مجھے پکڑ لیا میں اس کے قدموں میں گر گئی کہ اپنی بیٹیوں کے صدقے میں مجھے معاف کر دو اس شیطان کے پاس کے کر نہ جا ایک اللہ تعالیٰ کی مدد آئی اور گارڈ کو مجھ پر ترس آگیا اس نے مجھے کہا چلو میں تمہیں گھر چھوڑ کے آتا ہوں راستے میں گلی کو پکڑ

شال بقیہ 1

دینا قبل از وقت ہوگا، ہمیں کچھ انتظار کرنا چاہئے، اس وقت اس پر بات کرنا مناسب نہیں۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میڈیا کے ذریعے معلوم ہوا کہ سی آئی کے سربراہ کابل میں تھے، میڈیا کی رپورٹس سے ہی پتہ چلا کہ ترکی اور قطر کی انٹیلی جنس کے سربراہان بھی کابل میں موجود تھے۔ اگر ہم اپنے وزیر خارجہ کو کابل بھیجتے تو وہ وہاں کس سے ملاقات کرتے؟ وہاں کوئی وزیر خارجہ موجود نہیں۔ انہوں نے کہا کہ باضابطہ حکومت کی عدم موجودگی میں ایک ایسے فریم ورک کی ضرورت ہوتی ہے جہاں دونوں ممالک ایک دوسرے کو درپیش مسائل پر بات کرسکیں۔ کابل میں باضابطہ حکومت کی عدم موجودگی میں انٹیلی جنس ادارے ایسے فریم ورک تشکیل دیتے ہیں۔ ایک سوال پر وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہمیں افغانستان کے ساتھ سنگین مسائل درپیش رہے ہیں جن میں داعش میں توسیع، پناہ گزینوں کے مسائل اور ٹی ٹی پی کی افغانستان سے ماگیریشن شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طالبان کے ساتھ ہماری بات چیت ہوتی رہی ہے، پاکستان نے طالبان کے امریکا کے ساتھ مذاکرات میں سہولت فراہم کی۔ افغانستان میں غیر ملکی شہریوں کو انخلا میں پاکستان نے مدد فراہم کی، ہم نے افغانستان میں پھنسے ہزاروں لوگوں کو نکالا، افغانستان سے غیر ملکی شہریوں کے انخلا کی ہماری کوششوں کو پوری دنیا نے سراہا ہے۔

شال بقیہ 2

موثر ہونے اور افغانستان میں پائیدار امن واستحکام کے ہمارے مشترکہ مقاصد پر پیش رفت کو تقویت ملے گی، عالمی برادری کے لئے ہماری مشترکہ آواز پرامن، مستحکم اور خوش حال افغانستان کے پیغام کو تقویت دے گی۔ بدھ کو یہاں افغانستان کی صورتحال پر وزارت خارجہ میں پاکستان کی میزبانی میں علاقائی وزرائے خارجہ ورچوئل کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں چین، ازبکستان، ترکمانستان، تاجکستان اور ایران کے وزرائے خارجہ نے شرکت کی۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے افغانستان کی صورتحال کے حوالے سے وزارت خارجہ میں منعقدہ "علاقائی وزرائے خارجہ ورچوئل کانفرنس" سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں آپ سب کو افغانستان کے ہمسایوں کے پہلے وزارتی اجلاس میں شرکت پر خوش آمدید کہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں دل کی گہرائیوں سے آپ کی تحسین کرتا ہوں کہ آپ سب نے افغانستان میں درپیش صورتحال پر علاقائی انداز فکر اختیار کرنے کی ہماری تجویز پر اپنے مثبت ردعمل کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نمائندگان وخصوصی نمائندگان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جن کی بھرپور محنت سے آج کے اجلاس کے لئے مضبوط بنیاد فراہم ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ میں پرامید ہوں کہ آج کا ہمارا غور وخوض بارآور ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم افغانستان کی تاریخ کے ایک کلیدی واہم مرحلے پر اجلاس میں شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند ہفتوں میں ہونے والے واقعات نے ہمارے خطے کو عالمی توجہ کا مرکز بنا دیا ہے۔ صورتحال کس کروٹ بیٹھتی ہے، اس کے افغانستان، ہمارے خطے اور عمومی طور پر دنیا کے لئے گہرے مضمرات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ واضح ہے کہ کسی کو بھی یہ گمان نہیں ہوسکا کہ حالات اس طرح تبدیل ہوں گے جس میں سکیورٹی فورسز کا یوں ریت کی دیوار ثابت ہونا اور افغانستان کی حکومت کا ختم ہونا شامل ہے۔ قبل ازیں ہونے والے تمام اندازے اور پیش گوئیاں غلط ثابت ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ غیر متوقع اور اچانک وقوع پذیر ہونے والے ان واقعات سے قطع نظر اہمیت اس امر کی ہے کہ دنیا کے ہمسایوں سے جاری خون خرابہ دوہرایا نہیں گیا۔

شال بقیہ 3

یونین کی سفیر مسز انڈرولا کمیارا نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی اور علاقائی سکیورٹی صورتحال سمیت افغانستان کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ پاکستان اور یورپی یونین کے ممالک کے مابین باہمی تعاون کے امور بھی زیر غور آئے۔ آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا کہ پاکستان یورپی یونین ممالک کیساتھ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، پاکستان ای یو ممالک کیساتھ مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے فروغ کا خواہاں ہے۔ یورپی یونین کی سفیر مسز انڈرولا کمیارا نے افغانستان کے حوالے سے پاکستان کے کردار کو سراہا اور مختلف ممالک کے اہلکاروں اور عملے کے انخلاء میں پاکستان کے تعاون پر آرمی چیف سے اظہار تشکر کیا، ای یو سفیر نے علاقائی استحکام اور خطے میں فروغ امن کیلئے پاکستان کی کوششوں کی تعریف کی، انہوں نے کہا کہ وہ یورپی یونین اور پاکستان کے درمیان ہر سطح پر سفارتی تعاون کے فروغ میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہیں۔

شال بقیہ 4

ہے، آئی ٹی کے شعبے میں روزگار کے وسیع مواقع موجود ہیں، پاکستان کی ترقی میں تعلیم کا بنیادی کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں اعلیٰ تعلیم کے حوالے سے پاکستان ابھی پیچھے ہے۔ اثناء صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ خواتین کو جائیدادوں کے ملکیتی حقوق فراہم کرکے بااختیار بنانے کی ضرورت ہے، امید ہے کہ خواتین پر محمد آمد سے خواتین کو مالی طور پر خود مختار بنانے میں مدد ملے گی۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی زیر صدارت خواتین کے ملکیتی حقوق کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں وزیر قانون وانصاف، سینیٹر ڈاکٹر محمد فروغ نسیم، ایم این اے، مملیکہ علی بخاری نے شرکت کی جبکہ وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت کشمالہ طارق، محتسب پنجاب، نبیلہ علی خان بھی شریک ہوئے۔ اجلاس میں وفاقی، پنجاب اور خیبر پختونخوا کی جانب سے پاس کیے گئے خواتین کے ملکیتی حقوق کے نفاذ کے ایکٹ پر بریفنگ دی گئی۔ صدر مملکت نے کہا کہ خواتین کو جائیدادوں کے ملکیتی حقوق فراہم کرکے بااختیار بنانے کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 5

تھا۔ نیول چیف نے کہا کہ پاک بحریہ کی واحد آبدوز غازی نے جنگ کے دوران پوری بھارتی نیوی کو بھارتی بندرگاہ میں مقید رکھا۔ پاکستان نیوی خطے میں ایک مضبوط بحری قوت کے طور پر پہچانی جاتی ہے۔ پاک بحریہ عالمی بحری افواج کے ساتھ مل کر مشترکہ میری ٹائم سیکیورٹی اقدامات کے ذریعے عالمی پانیوں میں امن و استحکام کو یقینی بنا رہی ہے۔ سربراہ پاک بحریہ نے کہا کہ آج کے دن پاکستان نیوی کے آفیسرز، سی پی او ز، بحکرز اور سویلینز ملک کے ناقابل تسخیر دفاع اور کسی بھی جارحیت کی صورت میں آخری سانس اور خون کے آخری قطرے تک ثابت قدم رہنے کا عہد کرتے ہیں۔

شال بقیہ 6

نہیں کیا جاسکا۔ ان وسائل کو بہتر طور پر استعمال کرکے بلوچستان کی پسماندگی اور عوام میں پائے جانے والے احساس محرومی کو دور کرکے انہیں زندگی کی بنیادی سہولیات، روزگار، تعلیم، صحت جیسے شعبوں میں درپیش مشکلات سے چھٹکارا دلایا جاسکتا تھا اس کے برعکس ان وسائل پر موجودہ حکومت نے بھرپور توجہ دی ہے اور دستیاب وسائل سے استفادہ حاصل کیا جارہا ہے موجودہ حکومت عوام کی امنگوں کی ترجمان ہے۔

شال بقیہ 7

بچیوں کے لیئے، یکساں طور پر قابل رسائی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی وبا کے بعد تعلیم بالخان وغیر رسمی تعلیم جیسے پروگرامز کو جدید خطوط پر استوار کرنا حالات کا تقاضا ہے، موجودہ حکومت کی ایجنڈا خواندگی میں اضافہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سلیکٹڈ حکومت کی توجہ کا محور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اور اس کے تحت وسیلہ تعلیم پروگرام کا نام تبدیل کرنا ہے، پیپلز پارٹی کے ادوار حکومت میں شعبہ تعلیم میں نمایاں وبنیادی اقدامات اٹھائے گئے۔

شال بقیہ 8

دھماکہ دلخراش واقعہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے خیالات کا اظہار انہوں نے سنگ میں شمولیتی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پشتون خواہ عوامی پارٹی اور جمعیت علماء اسلام سے درجنوں افراد نے مستعفی ہوکر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ کے قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے بی اے پی میں شمولیت کا اعلان کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے نئے شامل ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں پہلی بار تمام علاقوں میں اجتماعی مفادات کے منصوبے جاری ہیں جس سے بلوچستان میں حقیقی تبدیلی آرہی ہے لوگوں کو کھوکھلے نعرے لگا کر ورغلانے والی سیاسی جماعتوں کو پہچان چکی ہیں جن جماعتوں نے ہمیشہ کھوکھلے نعرے لگا کر عوام کو ورغلایا بی اے پی کی حکومت نے بلوچستان کی پسماندگی احساس محرومی کے خاتمے کے لیے عملی طور پر اقدامات کررہے ہیں۔

شال بقیہ 9

تھے، صوبائی وزیر نے کہا کہ تعلیم کے بغیر کوئی قوم یا معاشرہ ترقی نہیں کرسکتا ہمارے صوبے میں ناخواندگی کی بڑھتی ہوئی شرح پر قابو پانے کی ضرورت ہے، جس میں ہر مکتبہ فکر کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا کیونکہ امید کی شمع کو ہمیں روشن رکھنا ہے، صوبے کے ہر بچے کو علم کے زیور سے آراستہ کرنا ہوگا آج ہر گلی محلے میں ہمیں کچرہ چنتے والے نظر آتے ہیں، انہیں بھی تعلیم کی ضرورت ہے جس کے لئے ہم سب کو سوچنا ہوگا کیونکہ پڑھا لکھا بلوچستان ہی ہماری کامیابی کا ضامن ہے جس کے لئے ہمیں اپنے بچوں کو تعلیم دینا ہوگی، تعلیم سے ہی ترقی کے خواب کو پورا کیا جاسکتا ہے، ناخواندگی وجہالت کے خلاف ہمیں علم بلند کرنا ہوگا تعلیم کے حوالے سے میں نے اپنے علاقے ہنگور میں متعدد اقدامات کئے ہیں ہم نے تعلیمی اداروں کے ساتھ ساتھ لائبریری کی تعمیر اور دیگر ادارے بھی قائم کئے ہیں جہاں بچے تعلیم کے زیور سے آراستہ ہورہے ہیں، جہاں علم ہر کوئی حاصل کرسکتا ہے اس کے لئے امیر غریب کا کوئی فرق نہیں۔

شال بقیہ 10

ضیاء الحق کا کہنا ہے کہ گرفتار طلبا کو رہا کردیا گیا ہے پاکستان میڈیکل کمیشن کی جانب سے لیے جانے والے آن لائن میڈیکل انٹری ٹیسٹ میں مبینہ بے ضابطگیوں کے خلاف طلباء نے عبدالستار ایدھی چوک پر دھرنا دے کر زرغون روڈ کو ٹریفک کیلئے بلاک کردیا طلبا کا موقف تھا کہ پی ایم سی کی طرف سے لیے گئے آن لائن ٹیسٹ میں نیٹ کا مسئلہ رہا ہے سلو انٹرنیٹ کی وجہ سے ٹیسٹ میں مسائل کا سامنا کرنا پڑا اس لئے میڈیکل ٹیسٹ دوبارہ لیا جائے، پولیس نے دھرنے میں شریک طلبا کو پاکی چوک سے ہٹانے کی کوشش کی اس دوران پولیس کی لاٹھی چارج سے چند طلبا زخمی ہوئے پولیس نے تین طلباء کو حراست میں لیکر سٹی تھانے منتقل کردیا پولیس کے لاٹھی چارج کے خلاف طلبا نے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے دھرنا دیا، بی این پی کے رہنما نوابزادہ لشکری رئیسانی نے دھرنا میں پہنچ کر طلبا کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے طلباء پر تشدد کا نوٹس لے ہوئے آئی جی پولیس سے واقعہ کی رپورٹ طلب کرلی میر ضیاء لانگو کا کہنا ہے کہ جو بھی طلباء گرفتار ہیں انہیں رہا کردیا گیا ہے جگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے طلبا پر پولیس تشدد کی مذمت کی ہے۔

شال بقیہ 11

کے اعداد وشمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 3 ہزار 902 کیسز سامنے آئے ہیں، مزید 83 افراد اس موذی وباء کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، اس کے مزید 4 ہزار 387 مریض شفایاب ہوگئے، مثبت کیسز کی شرح 6 اعشاریہ 44 فیصد ہو گئی۔ پاکستان بھر میں کورونا وائرس کے اب تک 26 ہزار 413 مریض انتقال کرچکے ہیں، اس موذی وائرس کے کل مریضوں کی تعداد 11 لاکھ 90 ہزار 136 ہوچکی ہے۔ ملک بھر میں ہسپتالوں، قرنطینہ سینٹرز، ویلنٹی لیٹرز اور گھروں میں کورونا وائرس کے 91 ہزار 747 مریض زیر علاج ہیں، جن میں سے 5 ہزار 389 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے، 10 لاکھ 71 ہزار 976 مریض اب تک اس بیماری سے شفایاب ہوچکے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 60 ہزار 537 ٹیسٹ کیئے گئے، اب تک کل 1 کروڑ 82 لاکھ 23 ہزار 308 کورونا ٹیسٹ کیئے جاچکے ہیں۔

شال بقیہ 12

عمران زرکون نے بھی دفتر کا دورہ کیا اور نہ ہی اخباری نمائندوں وایڈیٹرز کے ساتھ کوئی ملاقات کی ذرائع کے مطابق محکمہ اطلاعات ڈیڑھ سال سے بے یار ومددگار ہے ڈیڑھ سال سے مستقل سیکرٹری کی تعیناتی نہ ہونے کی وجہ سے معاملات ٹھپ ہوکر رہ گئے ہیں، ڈیڑھ سال قبل شاہ عرفان غرشین کو کمشنر مکران ڈویژن تعینات ہونے کے بعد سیکرٹری کا عہدہ خالی تھا اس سے قبل ڈپٹی سیکرٹری سہیل بلوچ کو قائم مقام سیکرٹری کا چارج دیا گیا تھا تاہم دو ہفتے قبل انہیں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ تعینات کیا گیا تھا اور ایک بار پھر محکمہ کو رہ عہدہ خالی ہے۔

شال بقیہ 13

کہا ہے کہ طلبا کے ساتھ حکومتی رویہ غیر شائستہ جابرانہ اور ناپسندیدہ ہے، صحت تعلیم کے محکمہ ان وزیر اعلیٰ کے پاس ہیں ہم سرکار سے مطالبہ کرتے ہیں طلبہ کو جلد رہا کرکے ان کے ساتھ بات چیت کا آغاز کیا جائے اور ان کے تعلیمی مسائل حل کریں۔

شال بقیہ 14

کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ میں آج جو کچھ ہوں اپنے والد سردار عطاء اللہ مینگل کی وجہ سے ہوں مجھے آپ کا بیٹا ہونے پر فخر ہے سردار عطاء اللہ مینگل بلوچستان محرکہ کا آخری سپاہی تھے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ 1987 ملندن میں جب میرے والد نے مجھ سے کہا کہ پاکستان جاؤ اور اپنا سیاسی کیریئر شروع کرو تو کسی نے ان سے کہا کہ "آپ اختر مینگل کو کیوں بھیج رہے ہیں وہ کسی چیز بارے پاکسی کو نہیں جانتا اور آپ کے بہت سارے دشمن ہیں جس پر سردار عطاء اللہ مینگل نے جواب دیا تھا کہ میں اپنے بیٹے کو سمندر میں پھینک رہا ہوں وہ تیرنا سیکھے گا یا ڈوب جائے گا۔ بلاشبہ اس کی رہنمائی کے ساتھ تیرنا سیکھنے میں میرے سال لگے لیکن اپنی منزل کے قریب بھی نہیں ہیں جو کچھ بھی ہوں بابا آپ کی وجہ سے ہوں۔ مجھے آپ کا بیٹا ہونے پر فخر ہے۔

شال بقیہ 15

پولیس تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مستقبل کے معماروں کے ساتھ ایسا رویہ ناقابل قبول ہے حکومت طلباء کے مطالبات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے تشدد میں ملوث اہلکاروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں نوجوان نسل اور خصوصی طلباء کو نہ صرف سہولیات سے آراستہ کیا جاتا ہے بلکہ انہیں ایسا ماحول فراہم کرنے کی پالیسیاں مرتب کی جاتی ہے جس کے ذریعے وہ تعلیمی میدان میں آگے بڑھ سکے۔

شال بقیہ 16

صوبے میں کورونا وائرس کا شکار ہونے والے مزید 43 افراد صحت یاب ہوگئے جس کے بعد فعال مریضوں کی تعداد 358 ہے ان افراد میں سے 6 ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں جن میں سے 2 ہائی جبکہ ایک لواٹ آکسیجن ٹھو پر زیر علاج ہے جبکہ صوبے میں کورونا وائرس کے باعث اب تک 342 اموات ہوچکی ہیں۔

شال بقیہ 17

میں ساحلی پٹی کی مربوط انتظام کاری کے منصوبے اور ماسٹر پلاننگ بھی شامل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں BCDA کے جاری ترقیاتی منصوبوں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ان منصوبوں میں ECO-Toursim Resorts اور Beach Parks سمیت ساحلی پوروں کی افزائش ونمو کی نرسری شامل ہیں جو بلوچستان کے مختلف ساحلی مقامات میں زیر تکمیل ہیں۔

شال بقیہ 18

جاسکے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈبلیو ایچ او کے نمائندے ڈاکٹر پالیتھا ہیپیلہ کے ہمراہ پی ایم سی کے لئے بائیو سیفٹی کیبنٹ اور ایمبولینس فراہمی کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر میر نور اللہ خان موسیٰ خیل، ڈبلیو ایچ او کوئٹہ کے اسفند یار شیرانی و دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان میں صحت کی معیاری اور بہتر سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں اور اس مقصد کے لئے ہیلتھ سیکٹر میں ٹھوس اصلاحات لائی جارہی ہیں، کوویڈ کی عالمی وبا کے دوران ایسے چیلنجز کا سامنا رہا جس سے ہمیں روایتی طبی سروسز سے ہٹ کر بہت سے نئے چیلنجز کے مطابق طبی حکمت عملی کو از سر نو مرتب کرنا پڑا، انہوں نے کہا کہ ماضی میں بلوچستان ہیلتھ سیکٹر کو محض تنخواہیں دینے والے ایک محکمہ کے طور پر چلایا گیا، ہماری کوشش ہے کہ طبی سروسز کے معیار اور دائرہ کار کو عام آدمی کی دسترس تک لایا جائے کیونکہ پاکستان میں ایک مزدور پیشہ خاندان کی اوسط آمدن کا ایک بڑا حصہ علاج معالجے کی نظر ہوجاتا ہے اگر سرکاری علاج گاہوں میں معیاری اور قابل اعتماد طبی خدمات میسر ہوں تو غریب افراد کے علاج معالجے پر اٹھنے والے غیر معمولی اخراجات دیگر سماجی ضروریات کے لئے خرچ ہوسکتے ہیں اور اس سے غربت کے حالات میں بہتری ممکن ہے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے ویژن کے مطابق محکمہ صحت میں سروسز کی بہتری کے لیے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

شال بقیہ 19

اور بچوں کے ساتھ ساتھ افغانستان میں جنگ کے دوران زخمی ہونے والے افراد بھی شامل ہیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کوئٹہ خلیل مراد نے غیر ملکی خبر رساں ادارے (عرب نیوز) کے مطابق کوئٹہ کے مختلف علاقوں کلاک اور ہلیلی میں درجنوں افغان پناہ گزین خاندان آئے ہوئے تھے جن کے پاس قانونی سفری دستاویزات موجود نہیں تھے جس پر پولیس اور لیویز نے انہیں حراست میں لے لیا اور چمن کے راستے افغانستان ڈی پورٹ کردیا۔ چمن سرحد پر تعینات ایک سیکورٹی اہلکار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ منگل کو 124 افراد کو چمن سرحد سے افغانستان ڈی پورٹ کیا گیا، جبکہ دونوں کے دوران مجموعی طور پر 526 افغان باشندوں کو بے دخل کیا گیا ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کوئٹہ خلیل مراد نے بتایا کہ نہ صرف کوئٹہ بلکہ لسبیلہ اور صوبے کے دیگر علاقوں کے علاوہ کراچی سے بھی حراست میں لیے گئے افغان باشندوں کو بھی ڈی پورٹ کیا گیا ہے۔ ان کی مجموعی تعداد 500 سے زائد بنتی ہے جنہیں پہلے کوئٹہ لایا گیا اور پھر یہاں سے چمن سرحد لے جاکر واپس افغانستان بھیجا گیا۔ چمن سرحد کے علاوہ بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ میں پاک افغان سرحد پر واقع بادینی گیٹ کے راستے بھی 247 افغان باشندوں کو افغانستان بھیجا گیا ہے۔

شال بقیہ 20

ویکسین کے بغیر مسافروں کو نکٹ نہ جاری کرنیکا اعلان کردیا ہے۔ ترجمان ریلوے کا کہنا ہے کہ ریلوے اسٹیشنز پر ایس او پیز کے مطابق چیکنگ کا نظام بنایا گیا ہے، 15 ستمبر سے کورونا ویکسین کی ایک خوراک اور 15 اکتوبر سے مکمل ویکسی نیشن کروانیوالے ہی ٹرین پر سفر کرسکیں گے۔ ترجمان ریلوے کا مزید کہنا تھا کہ ریلوے ملازمین کیلئے بھی 15 ستمبر تک کورونا ویکسین کی ایک اور 15 اکتوبر تک دوسری خوراک لگوانا لازم ہے۔

شال بقیہ 21

میں پاکستان اور جرمنی کے درمیان باہمی تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر ریلوے نے پاکستان کی اقتصادی اور سماجی ترقی میں جرمن کے کردار کی تعریف کی۔ پاکستان اور جرمنی کے مابین دیرینہ تعلقات استوار ہیں۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے دوطرفہ معاملات کے امور اور ریلوے کے حوالے سے امور بھی زیر بحث آئے۔ دونوں نے دوطرفہ تعاون جاری رکھنے اور اسے وسعت دینے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

شال بقیہ 22

جمع ہوگئے۔ گجرات کے جگو ہیڈ کے قریب وین برساتی نالے میں گرنے کے بعد وین میں سوار 9 مسافروں میں سے 4 کو بچالیا گیا، 5 افراد کی لاشیں نکال لی گئیں۔ ذرائع کے مطابق حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں 60 سالہ روبینہ کوثر، 25 سالہ شہر بانو، 22 سالہ زینب، 50 سالہ محمد تنویر اور 8 ماہ کی بچی عائشہ شامل ہے۔ وین میں موجود تمام افراد کا تعلق واہ کینٹ سے تھا، حادثے کے شکار افراد ایک عزیز کے جنازے میں شرکت کے لیے بھمبر آزاد کشمیر جارہے تھے۔

شال بقیہ 23

بچوں کو اسکول ڈریس کوڈ سے تکلیف پہنچ رہی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ لوگ مادر پدر آزادی چاہتے ہیں، یہ مغرب کے اسکولوں کے لیے ڈریس کوڈ پڑھ لیں۔ شہباز گل نے ٹوئٹر پر بیرون ممالک میں اسکولوں اور تعلیمی اداروں میں اساتذہ کے ڈریس کوڈ کی تفصیلات بھی شیئر کردیں۔ انہوں نے ایریزونا کے ایک پبلک سکول کا ڈریس کوڈ شیئر کیا ہے جس میں لکھا ہے کہ اسکول میں ربڑ کے سلیپر، باریک، تنگ یا بہت ڈھیلے ڈھالے کپڑے پہننے کی اجازت نہیں ہوگی نہ ہی اسکول میں نیچے کندھوں والی شرٹس، شارٹ اسکرٹس اور ورزش کی پتلون پہنی جائے گی۔

شال بقیہ 24

نے کہا کہ میڈیکل کالج میں ٹیسٹ دینے کے لئے آنے والے طلباء بے ضابطگیوں کے خلاف پرامن احتجاج کررہے تھے بجائے اسکے کہ حکومتی نمائندگان انہیں سنتے اور مسائل حل کرتے حکومت نے پولیس کے ذریعے انہیں تشدد کا نشانہ بنایا، آنسو گیس استعمال کی اور پھر بعد میں گرفتار کرلیا جب حکومت کو احساس ہوا کہ انہوں نے سراسر ناانصافی کی ہے تو عوامی ردعمل کے خوف سے طلباء کو رہا کردیا گیا انہوں نے کہا کہ ایسی حکومت ہم نے کبھی نہیں دیکھی جو پولیس کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کررہی ہے اور پہلے مظاہرین پر تشدد اور گرفتاریاں اور بعد میں انہیں رہا کردیتی ہے یوں محسوس ہوتا ہے کہ حکومتی ارکان کی پولیس سمیت کسی بھی ادارے پر کنٹرول نہیں ہے اور اپنی من مرضی سے پولیس سے جسے چاہے گرفتار یا تشدد کا نشانہ بناتی ہے۔

شال بقیہ 25

سے باہر ہونا تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ سلیکٹڈ حکومت ہو یا ماضی کی غیر جمہوری حکومتیں، خواندگی کا فروغ ان کی ترجیحات میں شامل نہیں رہا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں پاکستان کا تعلیم کے میدان میں صرف افغانستان سے آگے ہونا لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کا یہ فرض ہے کہ تعلیم کو سب کے لیئے، خصاصاً بچیوں کے لیئے، یکساں طور پر قابل رسائی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی وبا کے بعد تعلیم بالخان وغیر رسمی تعلیم جیسے پروگرامز کو جدید خطوط پر استوار کرنا حالات کا تقاضا ہے، موجودہ حکومت کی ایجنڈا خواندگی میں اضافہ نہیں۔

شال بقیہ 26

نذیر احمد عمرانی نے فوری کارروائی کرتے ہوئے موقع پر پہنچ کر ویران حویلی کو کارڈن کیا اور اسٹیشن برانچ کے B.D ٹیم کو بلا کر ایکسپلوزو تقریباً ڈیڑھ کلو (IED) ایمپرو ایڈ ڈیوائس تار جبکہ ڈیٹونیٹر ضائع کیا۔ جو کہ کسی بھی بہت بڑی تباہی کا باعث بن سکتا تھا۔

شال بقیہ 27

سعید احمد ولد جمعہ خان محمد حسنی، محمد خان ولد واحد بخش ساکنان مگچر شدید زخمی ہوگئے موٹر وے پولیس نے زخمیوں کو فوری طور طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 28

اور جنگ وجدل نے بلوچ قوم کو بہت نقصان دیا جس کی وہ مزید متحمل نہیں ہوسکتی۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہی سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا کہ بلوچ قوم ایک بہادر قوم ہے جس کی ایک تاریخ ہے پاکستان کے لئے بلوچ قوم کی قربانیاں تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھی جائیں گی۔ لیکن ہمیں افسوس اس بات کا ہے کہ بلوچ قوم کو قومیتوں وقبائل کے نام پر تقسیم در تقسیم کردیا گیا ہے جس سے نہ صرف بلوچ قوم کمزور ہوئی ہے بلکہ آپس کے اختلافات، قبائلی رنجشوں اور خونریزی نے بلوچ قوم کو بہت نقصان پہنچایا ہے 1947ء سے قبل انگریز کے دور میں بھی ایسا ہی چل رہا تھا اور آج بھی ویسا ہی چل رہا ہے۔

شال بقیہ 29

سے زرغون روڈ ٹریفک کیلئے بند ہوگیا طلباء کی جانب سے پاکستان میڈیکل کمیشن کی جانب سے آن لائن ٹیسٹ نامنظور کے نعرے لگائے گئے اس موقع پر طلباء کا کہنا تھا کہ انصاف کیلئے نکلے ہیں لیکن پولیس طلباء کی گرفتاری کے بعد طالبات کو بھی دھمکیاں دے رہے ہیں کہ آپ کو بھی گرفتار کرکے اپنے حق کیلئے سراپا احتجاج طلباء وطالبات پر پولیس کی جانب سے لاٹھی چارج قابل مذمت ہے پولیس نے طلباء پر تشدد کیا اور انہیں زخمی حالت میں ہسپتال کی بجائے تھانے منتقل کردیا ایک طالب علم کو شدید تشدد کرکے خون میں لت پت کردیا ہے۔

شال بقیہ 30

کرنے والے طلبا وطالبات پر جس وحشیانہ انداز میں تشدد کیا گیا اس کی مثال نہیں ملتی اور جس قدر ان اقدامات کی مذمت کی جائے کم ہے انھوں نے کہا کہ بلوچستان میں ایک ناکام حکومت کو زبردستی عوام پر مسلط کیا گیا ہے جس میں عوامی و اجتماعی مسائل کو حل کرنے کی نہ صلاحیت موجود ہے اور نہ جذبہ، حالیہ واقعات پر حکومتی ردعمل انتہائی قابل افسوس ومذمت ہے۔

شال بقیہ 31

مسائل حل کرنے کی ضرورت ہے احتجاج ہر شخص کا بنیادی حق ہے جس سے اسے کوئی نہیں روک سکتا پر امن طلبا پر لاٹھیاں برسانے ملک وقوم کے مستقبل کے دشمن ہیں جو نہیں چاہتے کہ بلوچستان کا نوجوان پڑھ لکھ کر آگے بڑھے۔

شال بقیہ 32

چلے ہیں اور جلد کام کا آغاز ہوگا محکمہ بلڈنگ کی اپنی بلڈنگ بھی خستہ حال ہے انکی مرمت کیلئے بھی اعلیٰ حکام کو آگاہ کرکے عمارت کو بہتر بنایا جائیگا اور ہم تمام ترقیاتی منصوبوں میں کسی بھی ٹھیکیدار کو ناقص میٹریل استعمال کی اجازت نہیں دینگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی آفس میں اوتھل کے صحافیوں رفیق تبسم، پیر بخش گلمتی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہمارے آفس کے دروازے عوام کیلئے کھلے ہیں۔

شال بقیہ 33

بلوچستان کے عوام کی فلاح وبقاء اور ان کے حقوق کی تحریک شروع کی جس کے نتیجے میں ون یونٹ ختم کردیا گیا اور باقاعدہ بلوچستان صوبے کا قیام عمل میں آیا ان کا کہنا تھا کہ اپنے فرزند اسداللہ کی اغوا نما گرفتاری کے بعد تاحال گمشدگی اور قید وبند کی متعدد صعوبتیں برداشت کرنے کے باوجود سردار عطاء اللہ مینگل اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹے۔

شال بقیہ 34

ہیں، پھر انے کہا کہ صارفین سے درخواست ہے کہ وہ شکایت درج کروائیں تاکہ تحقیقات کرکے انصاف کیا جاسکے صارف بذریعہ ای میل بھی شکایت درج کرواسکتے ہیں۔

شال بقیہ 35

ایک ٹیکنالوجی ہے، جو سرجری جیسے اہم کام میں استعمال ہوتی ہے۔ 30 سال پہلے جو ٹیکنالوجی پڑھائی یا دکھائی جاتی تھیں اب وہ حقیقت بن چکی ہے۔

شال بقیہ 36

عام کرنے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی طرف سے ملک میں یکساں تعلیمی نظام کا نفاذ قابل ستائش ہے، یکساں تعلیمی نظام کا نفاذ شرح خواندگی میں اضافے میں معاون ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں شرح خواندگی میں اضافے پر توجہ نہیں دی گئی، موجودہ حکومتی پالیسیوں کی بدولت شرح خواندگی میں اضافہ ہوگا اور پاکستان کا شمار خواندگی کی شرح میں سر فہرست ممالک میں ہوگا۔

شال بقیہ 37

تاخیر کررہا ہے۔ فرخ حبیب نے کہا کہ ایون فیلڈ کیس میں شریف خاندان نے جعلی قطری خط عدالت میں پیش کیا، نواز شریف جھوٹ بول کر لندن میں بیٹھے ہوئے

اگر شریف خاندان بے قصور ہے تو روزانہ کی بنیاد پر کیسز کی سماعت کروائے، فرخ حبیب

مسلم لیگ (ن) عوام کو گمراہ نہیں کر سکتی، 3 سال سے شریف خاندان اسلام آباد ہائی کورٹ میں اپنے خلاف اپیلوں کو آگے نہیں چلنے دے رہا، وزیر مملکت

مسلم لیگ (ن) اندرونی اختلافات کا شکار ہو چکی ہے، تحریک انصاف کی حکومت نے ملکی دفاع اضطراب کا عمل شروع کیا ہے اور شریف خاندان اب این آر او کے پیچھے نہیں چھپ سکتے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے اطلاعات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ اگر شریف خاندان بے قصور ہے تو روزانہ کی بنیاد پر کیسز کی سماعت کروائے، مسلم لیگ (ن) عوام کو گمراہ نہیں کر سکتی، 3 سال سے شریف خاندان اسلام آباد ہائی کورٹ میں اپنے خلاف اپیلوں کو آگے نہیں چلنے دے رہا۔ وزیر مملکت فرخ حبیب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ (ن) عوام کو گمراہ نہیں کر سکتی، 3 سال سے شریف خاندان اسلام آباد ہائی کورٹ میں اپنے خلاف اپیلوں کو آگے نہیں چلنے دے رہا، اب وکیل کی بیماری کا بہانہ کر کے شریف خاندان کیسز کی سماعت میں (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے نوجوانان ایکشن کمیٹی پارخ پرشور کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پاکستان مسلم لیگ ن عوام کے حقوق کے لیے جنگ لڑ رہی ہے، میاں محمد حسین گولہ

قید کی صعبتیں پاکستان مسلم لیگ ن کے قائدین کو کمزور نہیں کر سکتی

میاں محمد نواز شریف کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا، صوبائی صدر مسلم لیگ ن نصیر آباد ڈویژن

مانجھی پور (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن عوام کے حقوق کے لیے جنگ لڑ رہی ہے میاں محمد نواز شریف کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا قید کی صعبتیں پاکستان مسلم لیگ ن کے قائدین کو کمزور نہیں کر سکتی پاکستان مسلم لیگ ن نصیر آباد ڈویژن کو فعال و منظم کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن نصیر آباد ڈویژن کے صدر میاں محمد حسین گولہ پاکستان مسلم لیگ ن نصیر آباد ڈویژن کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حالات بہت جلد تبدیل ہونے (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

موجودہ حکومت نے بلوچستان کی محرومیوں میں مزید اضافہ کیا، مولانا عبدالحق ہاشمی

مہنگائی، غربت اور بے روزگاری نے صوبہ کے طول و عرض میں ڈیرے ڈال رکھے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے بلوچستان کی محرومیوں میں مزید اضافہ کیا مہنگائی، غربت اور بے روزگاری نے صوبہ کے طول و عرض میں ڈیرے ڈال رکھے ہیں۔ حکمران طبقہ عیاشیوں میں مصروف، لوگوں کو پینے کا صاف پانی تک میسر نہیں۔ بدامنی میں ایک بار پھر اضافہ ہو رہا ہے جو حکومت، اداروں اور سیکورٹی فورسز کی ناکامی ہے۔ عوام نے جن پر اعتماد کیا وہی دھوکہ دیتے ہوئے بدعنوانی و لوٹ (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

ترقی کے حصول کے لیے تعلیم کی شرط بنیادی ہے، سید زاہد شاہ

تعلیم کے حصول کے بغیر ہم ترقی کا سوچ بھی نہیں سکتے، ڈپٹی کمشنر بی

بی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر بی سید زاہد شاہ نے کہا ہے کہ ترقی کے حصول کے لیے تعلیم کی شرط بنیادی ہے تعلیم کے حصول کے بغیر ہم ترقی کا سوچ بھی نہیں سکتے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالحمید ایڑو، ڈی ای او ایم راحت حمید، ڈی ڈی او انور لاشاری، آر ٹی ایس ایم سے مرزا اطہر بیگ اور دیگر نے شرکت کی ڈپٹی کمشنر بی سید زاہد شاہ نے شرکا کو سختی (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

کوئی بھی معاشرہ شرح خواندگی میں اضافے کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا، سید قیصر

ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے خواندگی کی شرح میں اضافہ ناگزیر ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

موجودہ حکومت شرح خواندگی کے تناسب میں اضافے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے خواندگی کے عالمی دن پر خصوصی پیغام میں کہا کہ کوئی بھی معاشرہ شرح خواندگی میں اضافے کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے خواندگی کی شرح میں اضافہ ناگزیر ہے، موجودہ حکومت شرح خواندگی کے تناسب میں اضافے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے، ملک میں تعلیم کا فروغ اور شرح خواندگی کو سو فیصد تک لانا موجودہ حکومت کا وژن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں شرح خواندگی میں اضافے کے لیے عوام میں شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے، ملک میں تعلیم کو (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی پریس کلب کے سامنے احتجاج کرنے والے طلباء سے یکجہتی جبکہ دوسری جانب میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

میر سلیم احمد خان کھوسہ نے بہتر حکمت عملی اختیار کر کے ترقیاتی سفر کو جاری رکھا ہوا ہے

صوبے میں تاریخی ترقیاتی کام کروا کے عوام کے دلوں میں راج کر رہی ہے، عبدالمجید خان کھوسہ

مانجھی پور (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب جام کمال خان عالیانی اور صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم احمد خان کھوسہ کی مدبرانہ اور نیک نیتی اور بہتر حکمت عملی سے عوام کی خدمات سے ضلع صحبت پور ترقی کی راہ پر گامزن ہیں صوبائی وزیر ریونیو نے۔ ترقیاتی منصوبوں کے علاوہ بجلی اور اب صحت کے حوالے سے دو عدد بی ایچ یوز کے لئے ایمبولینس فراہم کر کے عوام کا صحیح نمائندہ ہونے کا ثبوت دیا بلوچستان عوامی پارٹی عرصہ تین سال کے اندر تاریخ میں پہلی بار اتنے ترقیاتی (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

سید خورشید احمد شاہ اور ان کی فیملی شہید ذوالفقار علی بھٹو کے پیروکار ہیں، حاجی نبی بخش جسکانی

روہڑی (ٹی ن) پاکستان پیپلز پارٹی روہڑی تعلقہ صدر حاجی نبی بخش جسکانی کی قیادت میں علی واہن سے سیاسی شخصیت ملک محمد نثار اور ملک برادری کے صدر حاجی نور محمد ملک کی سرپرستی میں علی واہن سے سکھر پریس کلب (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

رکھنی چیک پوسٹ پر کسٹمز حکام کی کارروائی، 1 کروڑ روپے مالیت کا غیر ملکی سامان برآمد

کوئٹہ (این این آئی) رکھنی چیک پوسٹ پر کسٹمز حکام نے کارروائی کرتے ہوئے 1 کروڑ روپے مالیت کا غیر ملکی سامان برآمد کر لیا۔ ترجمان کسٹمز حکام کے مطابق کسٹمز حکام نے رکھنی چیک پوسٹ کارروائی کرتے ہوئے دوران تلاشی گاڑی سے ایرانی ساخت کے خشک دودھ سمیت دیگر مذکورہ سامان برآمد کر کے بمعہ گاڑی کے قبضے میں لے لیا برآمد شدہ سامان کی قیمت ایک کروڑ (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے لسبیلہ بار ایسوسی ایشن کی نومنتخب کابینہ سے حلف لے لیا

ہمارا کام ہے عدل فراہم کرنا خوشی ہی کامیابی ہے، ناصر خان یوسفزئی

لسبیلہ (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے لسبیلہ بار ایسوسی ایشن کی نومنتخب کابینہ سے حلف لے لیا تفصیلات کے مطابق بدھ کے روز لسبیلہ بار روم میں نومنتخب لسبیلہ بار ایسوسی ایشن کی کابینہ کی حلف برداری تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب حلف برداری میں محتسب اعلیٰ بلوچستان، ججز صاحبان سمیت وکلاء برادری نے کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع پر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لسبیلہ جناب ناصر خان یوسفزئی نے نومنتخب صدر مجیب الرحمن ایڈووکیٹ، نائب صدر محمد نعیم (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

ژوب قومی جرگہ کے چیئرمین اختر شاہ مندوخیل ملک عبداللہ مندوخیل عید محمد مندوخیل مراد مندوخیل و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما میر محمد صادق عمرانی کی جھالاوان ہاؤس کراچی آمد

مرکزی رہنما نواب ثناء اللہ خان زہری سے انکی والدہ اور بیٹی کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی

کوئٹہ/کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما میر محمد صادق عمرانی نے جھالاوان ہاؤس کراچی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما نواب ثناء اللہ خان زہری سے انکی والدہ اور بیٹی کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ بدھ کو پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما میر محمد صادق عمرانی نے جھالاوان ہاؤس کراچی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری سے انکی والدہ اور بیٹی کے انتقال پر (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

جام غلام قادر فٹبال اسٹیڈیم کیلئے ریلیز ہونے والے ڈھائی کروڑ روپے مبینہ طور پر ٹھیکیداری کی نظر ہو گئے

ارش کی چند بوندیں گرتے ہی گراؤنڈ میں ہونے والے کام کا پول کھل گیا

لسبیلہ (این این آئی) ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن لسبیلہ کے سابق جنرل سیکرٹری دین جان بلوچ نے جام غلام قادر فٹبال اسٹیڈیم کی ابتر صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جام غلام قادر فٹبال اسٹیڈیم کے لئے ریلیز ہونے والے ڈھائی کروڑ روپے مبینہ طور پر ٹھیکیداری کی نظر ہو گئے ٹھیکیدار نے غیر معیاری و ناقص میٹریل استعمال کر کے کروڑوں روپے اسپورٹس آفیسران کی ملی بھگت سے ہڑپ کر لئے بارش کی چند بوندیں گرتے ہی گراؤنڈ میں ہونے (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

مولانا امیر زمان کو ہزاروں افراد کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا

لورالائی (این این آئی) جے یو آئی کے مرکزی رہنما سابق وفاقی وزیر مولانا امیر زمان کو ہزاروں افراد کی موجودگی میں اپنے رہائشگاہ کے عقب میں مدرسے میں انکی وصیت کے مطابق سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ ملا فدیر نیکہ (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

ماشکیل ڈاکخانہ بند ہونے کی وجہ سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، میر جیئند خان ریکی

ماشکیل (نمائندہ خصوصی) سماجی رہنما سابقہ کونسلر ماشکیل میر جیئند خان ریکی نے بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ کچھ مہینوں سے سالوں سے خال ماشکیل ڈاکخانہ کو نامعلوم وجوہات کی بنیاد پہ بند کیا گیا ہے حالانکہ سالوں پہلے ماشکیل کو ٹرانسپورٹ کا بھی مسلہ تھا پھر ڈاکخانہ مکمل خال تھا اور اب ٹرانسپورٹ وغیرہ کا کوئی مسلہ بھی نہیں پھر بھی ڈاکخانہ بند کر دیا گیا ہے، اس ضمن میں عوام رل گئے ہیں (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

12 ستمبر کو کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن انشاء اللہ پاکستان پیپلز پارٹی جیتے گی، میر محمد اشرف سرپرہ

انشاء اللہ 12 ستمبر کو انشاء اللہ جیت پاکستان پیپلز پارٹی کی ہوگی، صوبائی رہنماء پی پی پی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنماء میر محمد اشرف سرپرہ، ضلعی سیکرٹری اطلاعات میر عبدالحی سمالانی، ضلعی ترجمان شاہ جہان بلوچ، سینئر رہنماء سید یوسف شاہ حسنی، سینئر رہنماء سید کامران آغا، سینئر رہنماء رحمت اللہ رئیسانی، پیپلز یوتھ کوئٹہ ڈسٹرکٹ کے صدر طیب بلوچ، ضلعی رابطہ سیکرٹری ملک روزی خان ترہ کئی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ 12 ستمبر کو کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن انشاء اللہ پاکستان پیپلز پارٹی جیتے گی عوام کنٹونمنٹ بورڈ کے سینئر (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

عشرہ شہیدہ زنداں" کے پروگراموں میں سیکیورٹی انتظامات یقینی بنائے جائیں، انجینئر ہادی عسکری

عزاداری ہیئتوں ایکشن پلان پر عمل درآمد میں ملک و قوم کے پرامن مستقبل کا راز پوشیدہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے صدر انجینئر ہادی عسکری نے قائد ملت جعفریہ آغا سید حامد علی شاہ موسوی کے اعلان کردہ عشرہ شہیدہ زنداں بسلسلہ شہادت حضرت سیدہ سکینہ بنت الحسین کے موقع پر 27 محرم تا 6 صفر صوبہ بھر میں مجالس عزا ماتمی شہیداریوں کیلئے خصوصی انتظامات کیے جائیں، ارباب اقتدار ایکشن پلان پر سختی کیساتھ عمل درآمد کریں اسی میں ملک و قوم کے پرامن مستقبل کا راز پوشیدہ ہے، کالعدم گروپوں کو آہنی (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

تربت، ایس پی کیچ بہرام خان مندوخیل میڈیا نمائندوں کو بریفنگ دے رہے ہیں

تعلیمی ایمرجنسی کے دعوے دھرے رہ گئے

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) تعلیمی ایمرجنسی کے دعوے دھرے رہ گئے دور جدید میں بھی گورنمنٹ پرائمری سکول کلی نیاز بیلو اولڈ سوئی تمام تر بنیادی سہولیات سے محروم سہولیات نہ ہونے کے باوجود بچوں میں تعلیم حاصل کرنے کا لگن جاری ہے سوئی اولڈ سٹی گورنمنٹ پرائمری سکول کلی نیاز بیلو کا سکول 1990 میں منظور ہوا لیکن 30 سال ہوئے لیکن اب تک بچے کھلے آسمان (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

صحبت پور مین بازار میں موبائل کیونیکیشن سے ڈکیتی کی واردات کو شہریوں نے ناکام بنا دیا

صحبت پور (نامہ نگار) صحبت پور مین بازار میں موبائل کمیونیکیشن سے ڈکیتی کی واردات کو شہریوں نے ناکام بنا دیا تفصیلات کے مطابق بدھ کی صبح صحبت پور کی مین بازار میں 2 ڈاکوؤں نے ڈکیتی کرنے کی کوشش کی لیکن شہریوں نے ڈکیتی کو ناکام بنا دیا پکڑ کر صحبت پور پولیس کے حوالے کر دیا صحبت پور سٹی پولیس نے مزید تفتیش شروع کر دی۔

پاکستان کا کل جماعتی حریت کانفرنس قیادت کے لئے حمایت کا اعادہ

بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر میں کشمیریوں کے حقیقی نمائندہ کے طور پر کل جماعتی حریت کانفرنس عوام کی حقیقی خواہشات کی ترجمان ہے، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان کشمیری عوام کی اقوام متحدہ سلامتی کونسل قراردادوں کے مطابق حق خود ارادیت کی جائز و قانونی جدوجہد میں تمام ممکنہ حمایت جاری رکھے گا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے کل جماعتی حریت کانفرنس قیادت کے لئے حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر میں کشمیریوں کے حقیقی نمائندہ کے طور پر کل جماعتی حریت کانفرنس عوام کی حقیقی خواہشات کی ترجمان ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان کل جماعتی حریت کانفرنس کی جانب سے مسرت عالم بھٹ کی بطور چیئرمین تقرری کے فیصلے کا خیر مقدم کرتا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان کل جماعتی حریت کانفرنس کی جانب سے شبیر احمد شاہ اور غلزار احمد غلزار کو نائب چیئرمین تقرر کرنے کے فیصلے کو خوش آمدید کہتا ہے۔ عاصم افتخار کے مطابق بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر میں کشمیریوں کے حقیقی نمائندہ کے طور پر کل جماعتی حریت کانفرنس عوام کی حقیقی خواہشات (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

موجودہ حکومت نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے میں یکسر ناکام رہی ہے، ترجمان جے یو آئی

نہتے طلباء پر تشدد و عدم برداشت اور اظہار رائے پر قدغن لگانے کی شرمناک مثال ہے

نوجوانوں کی آواز دبانے کیلئے طاقت کا استعمال کر کے حکومت ثابت کر رہی ہے کہ یہاں جمہوریت نہیں مارشل لاء ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان نے پاکستان میڈیکل کمیشن کی جانب سے میڈیکل ٹیسٹ میں بے ضابطگیوں کے خلاف احتجاج کرنے والے پرامن طلباء کو پولیس کی جانب سے تشدد کا نشانہ بننے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نہتے طلباء پر تشدد و عدم برداشت اور اظہار رائے پر قدغن لگانے کی شرمناک مثال ہے جس کی جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ جے یو آئی ضلع کوئٹہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر کھیل شفقت عبداللہ خان، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے پرنسپل سیکرٹری عبدالحق خان بلوچ کے ہمراہ سرک ٹورنامنٹ کی تیاریوں کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈیرہ اللہ یار میں آبنوشی اور نہری پانی کی عدم فراہمی کیخلاف ٹیپل اور جھڈیر شاخ کے کاشتکاروں کا احتجاج

قومی شاہراہ پر ٹائر نذر آتش کر کے سندھ بلوچستان کو عام ٹریفک کی روانی بند کر دی

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں آبنوشی اور نہری پانی کی عدم فراہمی کیخلاف ٹیپل اور جھڈیر شاخ کے کاشتکاروں نے احتجاج کرتے ہوئے قومی شاہراہ پر ٹائر نذر آتش کر کے سندھ بلوچستان کو عام ٹریفک کی روانی بند کر دی سینکڑوں کاشتکاروں نے محمد عامر کھوسہ، میر غلام رسول لہڑی اور کامریڈ محمد نواز کھوسہ کی قیادت میں صبح سویر شاہی چوکی کے مقام پر پہنچ کر سندھ (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

ضلع ژوب کے حدود میں غیر قانونی شکار پر مکمل پابندی عائد کی جائے، ژوب قومی جرگہ

غیر قانونی شکار کیلئے دیگر علاقوں سے آنے والے شکار پارٹیاں اپنے نقصانات کا خود ذمہ دار ہونگے

ژوب (این این آئی) ژوب قومی جرگہ چیئرمین اختر شاہ مندوخیل عمران عید محمد بسم اللہ اچوزی ملک عبداللہ مولوی صادق خوستی سردار خان ملک میر سلم و دیگر نے غیر قانونی شکار کے خلاف پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ہر سال موسم گرما کے آخر موسم خزان کے ابتدائی دنوں میں دیگر صوبوں سے لوگ آکر یہاں غیر قانونی شکار کرتے ہیں شکاریوں میں مروت خٹک، خوچی آفریدی (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمن جماعت اسلامی کے تحت پانی کے بحران کے خلاف شاہراہ فیصل پر واٹر بورڈ ہیڈ آفس کے سامنے احتجاجی دھرنے سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کی معیشت گذشتہ تین سالوں میں بری طرح متاثر ہوئی، خواجہ ساجد محمود پہلوان

ہم سیاسی لوگ ہیں میرا گھرانہ سیاسی ہے ہم سیاست سے باہر نہیں رہ سکتے

غریب عوام مہنگائی کی چکی میں پس گئی، روپے کے قدر میں کمی سے پاکستان کے قرضوں میں مزید اضافہ ہو رہا ہے

میرپور (این این آئی) سابق ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن میرپور خواجہ ساجد محمود پہلوان نے کہا کہ پاکستان کی معیشت گذشتہ تین سالوں میں بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ غریب عوام مہنگائی کی چکی میں پس گئی ہے۔ روپے کے قدر میں کمی سے پاکستان کے قرضوں میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت ہی ملک کی معیشت کو سنبھال سکتی ہے۔ ہم سیاسی لوگ ہیں میرا گھرانہ سیاسی ہے ہم سیاست سے باہر نہیں رہ سکتے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کا پرچم تھاما ہے اس کو ہمیشہ بلند رکھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ خواجہ ساجد پہلوان نے کہا پاکستان پیپلز پارٹی کارکن نواز ہے جس نے ہمیشہ پارٹی کے جانثار کارکنوں کی عزت نفس کا خیال رکھا۔

مولانا امیر زمان کے اچانک وفات سے جے یو آئی یتیم ہو گئی ہے، مولانا عبدالواسع

پورے ملک و صوبے کے جماعتی کارکن اور دیگر عوام انکے وفات سے صدمے اور سوگ میں ہیں، رکن قومی اسمبلی

ہم سب نے ایک دن اس دنیا کو چھوڑ کر جانا ہے لیکن مولانا امیر زمان جیسے قومی مذہبی اور سیاسی رہنما کی بے وقت موت سے جے یو آئی اور صوبہ ایک مخلص رہنما سے محروم ہو چکی ہے

لورالائی (این این آئی) جے یو آئی کے صوبائی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ پارٹی کے اہم ترین مرکزی رہنما و سابق وفاقی وزیر مولانا امیر زمان کے اچانک وفات سے جے یو آئی یتیم ہو گئی ہے پورے ملک و صوبے کے جماعتی کارکن اور دیگر عوام انکے وفات سے صدمے اور سوگ میں ہیں انکی اسلام پارٹی اور عوام کیلئے گران قدر خدمات کو ہمیشہ تاریخ میں یاد رکھا جائیگا انہوں نے سخت ترین اور مشکل وقت میں پارٹی کیلئے جو کام کیا اسکو بھلانا مشکل ہوگا انہوں نے کہا کہ مولانا امیر زمان نے بحیثیت سینئر صوبائی وزیر اور وفاقی وزیر اپنے صوبے کے عوام کی بلا امتیاز خدمت کی جسکو مدتوں یاد رکھیں گے ملک میں جمہوریت، آئین قانون و پارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے انہوں نے ہمیشہ نمایاں کردار ادا کیا اور ملک (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

سردار عطاء اللہ مینگل کے وفات کا سن کر دکھ اور افسوس ہوا، نصیر کبدانی

ماشکیل: (نامہ نگار) رخشان ڈویژن کے سرگرم سماجی کارکن نصیر کبدانی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ سردار عطاء اللہ مینگل کے وفات کا سن کر دکھ اور افسوس ہوا بلوچستان ایک زیرک اور دور اندیش سیاستدان سے محروم ہو گئے بلوچستان کے پہلے وزیر اعلیٰ سردار عطاء اللہ مینگل کے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا سردار عطاء اللہ مینگل کی سیاسی سماجی شخصیت ہر ذی شعور شخص کے لئے مشعل راہ تھی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔

حوثی ملیشیا کے حملے جاری، یمن آرب میں ایک لاکھ بچے تعلیم سے محروم

صنعاء (این این آئی) حوثی ملیشیا کے حملے جاری ہیں، یمن آرب میں ایک لاکھ 30 ہزار بچے تعلیم سے محروم ہو چکے ہیں، بڑی تعداد میں شہری نقل مکانی کر کے عارضی کیمپوں میں رہ رہے ہیں، میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ اور عالمی اداروں کی طرف سے متعدد بار پناہ گزینوں اور مہاجرین کو درپیش خطرات کے بارے میں خبردار کیا گیا۔ بڑی تعداد میں شہری نقل مکانی کر کے عارضی کیمپوں میں رہ رہے ہیں۔ اس کے نتیجے میں اب تک ایک لاکھ 30 ہزار (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

یوم دفاع پاکستان کے سلسلے میں ٹیکوانڈو باکسنگ ووشو کے کھلاڑیوں نے مختلف کرتب دکھائے گئے

چاغی (این این آئی) پاک افغان سرحدی علاقہ دور بوچاہ پاک آرمی 45 بلوچ کے زیر اہتمام یوم دفاع پاکستان 6 ستمبر کے سلسلے میں ٹیکوانڈو باکسنگ ووشو کے کھلاڑیوں نے مختلف کرتب دکھائے جس میں اسکول کے طلباء و طالبات نے حصہ لیا۔ مہمان خاص لیفٹیننٹ کرنل قیصر خورشید کیپٹن دانیال اور علاقے کے معتبرین اور شائقین نے بڑی تعداد میں شریک ہوئے مہمان خاص اور شائقین خوب لطف اندوز ہوئے انھوں نے کہا پہلی مرتبہ پاک آرمی کی تعاون سے دور بوچاہ میں (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں 2 کروڑ سے زائد افراد کو اپنے ذیابیطس میں مبتلا ہونے کا علم نہیں، ماہرین

پاکستان میں ذیابیطس کے مریضوں کی تعداد دو کروڑ سے زائد ہے جبکہ تقریباً دو کروڑ افراد ایسے ہیں

کراچی (این این آئی) ذیابیطس کو وبا سے بڑی عالمی وبا ہے جو کہ پاکستان جیسے غریب ممالک میں کورونا وائرس سے زیادہ افراد کی جان لے رہی ہے، پاکستان میں ذیابیطس کے مریضوں کی تعداد دو کروڑ سے زائد ہے جبکہ تقریباً دو کروڑ افراد ایسے ہیں جنہیں اس بات کا علم ہی نہیں کہ وہ ذیابیطس میں مبتلا ہو چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ماہرین صحت نے پاکستان اینڈوکرائین سوسائٹی اور ڈسکورنگ ڈائیبیٹیز پروجیکٹ کے تحت ملک بھر میں 200 سے زائد ڈائیبیٹیز (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

یوم دفاع پاکستان کی مناسبت سے بولان یوتھ اتحاد کے زیر اہتمام شاندار ریلی کا اہتمام

وطن عزیز کا دفاع کرنے کیلئے اپنا سب کچھ قربان کرنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں، غلام حسین بلوچ

بھاگ (این این آئی) بولان یوتھ اتحاد کے زیر اہتمام جیلانی ہاؤس سے بیج صابر شاہ چوک تک 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے شاندار ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت بولان یوتھ کے مرکزی چیرمین غلام حسین بلوچ سید صابر شاہ جیلانی خیر جان بلوچ قبائلی رہنما میر اقبال سونگی میر نصیب اللہ مغیری بندو اقلیت کے رہنما گوندار اہیجہ میر راشد نور حانیجہ جمہوری وطن کے خدا بخش مغیری جنگیو ایم کامریڈ فیاض جاموت کامریڈ منظور احمد ایری ڈاکٹر درشن کمار ڈاکٹر عبدالحی کر رہے تھے۔ ریلی میں مختلف پارٹیوں کے رہنماؤں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء پاک (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر)

تعلیم کسی بھی معاشرے کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لیے انتہائی ناگزیر ہے، خالد خورشید

سکولوں میں اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کیلئے خصوصی منصوبے شروع کئے گئے ہیں، وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان

گلگت (این این آئی) وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان خالد خورشید نے کہا ہے کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی سماجی و اقتصادی ترقی کیلئے انتہائی ناگزیر ہے، بالخصوص غربت کے خاتمے کے لیے تعلیم کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے خواندگی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ تعلیم کی طرف رخان دوسرے صوبوں سے بہتر ہونے کے باوجود گلگت بلتستان کے زیادہ تر اضلاع میں شرح خواندگی قومی سطح سے کافی کم ہے، شعبہ تعلیم ہماری حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اس کیلئے حکومت نے بجٹ کا ایک بڑا حصہ اس شعبے کیلئے مختص کیا ہے جبکہ ملک کی تاریخ میں پہلی بار مڈل سکول کے طلبہ کیلئے ٹرانسپورٹیشن وظیفہ مقرر کیا گیا ہے۔

پاک چین تعلقات دو ممالک کیلئے مثال ہیں، فخر امام

پاکستان اور چین کو زرعی معیشت کے حوالے سے اپنے تعلقات کو وسعت دینی چاہیے، فخر امام

پاکستان چین کو پھلوں، سبزیوں اور چاول کی برآمدات بڑھاتا ہے تو دونوں ممالک کے درمیان تجارت کی نئی سطح حاصل ہو سکتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق سید فخر امام نے کہا ہے کہ چین اور پاکستان کے درمیان بہترین تعلقات دوسرے ممالک کیلئے مثال ہیں، پاکستان اور چین کو زرعی معیشت کے حوالے سے اپنے تعلقات کو وسعت دینی چاہیے، اگر پاکستان چین کو پھلوں، سبزیوں اور چاول کی برآمدات بڑھاتا ہے تو دونوں ممالک کے درمیان تجارت کی نئی سطح حاصل ہو سکتی ہے۔ بدھ کو یہاں پاکستان میں عوامی جمہوریہ چین کے سفیر نونگ رونگ نے وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق سید فخر امام سے ملاقات کی۔ وزارت کے اعلیٰ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وفاقی وزیر نے سفیر کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ چین اور پاکستان کے درمیان بہترین تعلقات ہیں جو دوسر (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

پولیس نے مدرسے کے مہتمم کی طالبہ سے مبینہ زیادتی کیس میں ملوث مع